www.ustaman.com.pk

روزنامہ

اسْتمان

مستونگ

چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 جمعرات 26 نومبر 2026ء 15 جمادی الثانی 1448 ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 148

Daily USTAMAN ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

سعودی میں 4 ڈرون حملے ناکام بنادیئے گئے

ریاض، صنعاء، نئی دہلی (آن لائن) سعودی اتحادی فوج نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں ڈرون حملے ناکام بنادیئے گئے۔ فضائی دفاعی نظام نے مشرقی صوبے کے علاقے راس تنورہ میں 4 ڈرونز کو مار گرایا۔ سعودی اتحادی فوج کے ترجمان ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا ہے کہ ڈرونز کو تباہ کرنے کے نتیجے میں ان کا ملبہ مختلف مقامات پر گرا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

چین: وفاقی وزیر احسن اقبال چین کے جیوکوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر میں پاکستان کے پہلے خلاباز ڈاکٹر ذیشان علی کو لے جانے والے تاریخی خلائی مشن 'شینزو-24' کی لانچنگ کا مشاہدہ کر رہے ہیں

NCCIA میں بہترین افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں، شہباز شریف

وزیر اعظم کی زیر صدارت نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کی تنظیم نو کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح اجلاس، ادارے کی کارکردگی کا جائزہ، این سی سی آئی اے کی تنظیم نو کا عمل مزید تیز کرنیکا حکم

سائبر کرائمز کی روک تھام اور تحقیقات کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، ادارے کو مؤثر، فعال اور جدید بنانے کیلئے تنظیم نو کا عمل تیز کیا جائے؛ وزیر اعظم کی ہدایت، کمیٹی تشکیل دیدی گئی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے این سی سی آئی اے کو ایک مؤثر، فعال اور جدید ادارہ بنانے کے لیے تنظیم نو کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سائبر کرائمز کی روک تھام اور تحقیقات کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، نیشنل سائبر کرائم ایجنسی اور اس کے تمام ذیلی دفاتر میں آئی ٹی اور اے آئی کے شعبے سے وابستہ ماہرین کو تعینات کیا جائے، این سی سی آئی اے میں میرٹ کی بنیاد پر بہترین افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں۔ بدھ کو جاری اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سائبر کرائمز کی روک تھام اور تحقیقات کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ عوام کو سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کی پہلی ڈیجیٹل ایکسپو 2026 کی تاریخوں کے حتمی اعلان کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

عمران خان کے خط پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی، پی ٹی آئی

گزارش کرتا ہوں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف دیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے دس روز قبل تینوں چیف جسٹس صاحبان کو خط لکھ کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف این سی سی آئی اے کی تنظیم نو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوجوان بلوچستان کا اصل سرمایہ ہیں

نوجوان ناقص طرز حکمرانی کے باعث ریاست سے دور ہوتے ہیں، کسی حکومت کی کوتاہی کو ریاست کی ناکامی قرار نہیں دیا جانا چاہیے، میر سرفراز بگٹی

حکومت سرکاری ملازمتیں فراہم کرنیکا کوئی لامحدود ذریعہ نہیں ہوسکتی گزشتہ سات دہائیوں کے تجربات سے واضح ہو چکا ہے کہ روزگار کیلئے صرف سرکاری ملازمتوں پر انحصار پائیدار حکمت عملی نہیں

کامیابی کی کنجی میرٹ پر مبنی نظام ہے، جب درست شخص کو درست ذمہ داری سونپی جاتی ہے تو اس کے نتائج بھی سامنے آتے ہیں، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات اس کی مثال ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی ڈیجیٹل ایکسپو 2026 کے انعقاد کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کر دیا، چار روزہ ایکسپو 21 سے 24 دسمبر تک بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) میں منعقد ہوگی، جس میں صوبے کے تمام ڈیجیٹائزڈ محکموں کی کارکردگی اور ڈیجیٹل نظام کے تحت حاصل ہونے والی کامیابیوں کو اجاگر کیا جائے گا، جبکہ ڈیجیٹل شعبے میں مہارت رکھنے والے باصلاحیت نوجوانوں کو قومی اور بین الاقوامی کمپنیوں سے متعارف کرانے کے ساتھ انہیں اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

عدالت نے عمران خان سے فالو اپ ملاقات کی اجازت دیدی

اپنے معالجین کی مشاورت سے طبی رپورٹس کا جائزہ لے کر کمی کوتاہی کی نشاندہی کریں گے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل رہنما سردار لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ عدالت نے بانی چیئرمین اور ان کی اہلیہ سے فالو اپ ملاقات کی اجازت دے دی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں سلمان صفدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان کیلئے قابل فخر لمحہ، شینزو 24 تیانگونگ خلائی سٹیشن سے کامیابی کیساتھ منسلک ہو گیا

ملکی سائنسی سفر میں اہم سنگ میل اور باعث فخر لمحہ، مشن سائنس، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا عکاس ہے، صدر مملکت

چین کا شینزو 24 خلائی جہاز تقریباً ساڑھے 3 گھنٹے کے سفر کے بعد کامیابی سے تیانگونگ خلائی سٹیشن سے منسلک، پاکستانی ذیشان علی شامل

جیوچوان (آن لائن) پاکستان اور چین کے خلائی تعاون میں نیا سنہری باب رقم، چین اور پاکستان کا مشترکہ خلائی مشن شینزو 24 خلا میں پہنچ گیا۔ چین کا شینزو 24 خلائی جہاز تقریباً ساڑھے 3 گھنٹے کے سفر کے بعد کامیابی سے تیانگونگ خلائی سٹیشن سے منسلک ہو گیا ہے، مشن میں چینی خلاباز تانگ ہونگ بو اور وو وی کے ساتھ پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی بھی شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

این سی سی آئی اے کی کارروائی، تین رکنی گینگ گرفتار، 25 کروڑ کی ریکوری

اسلام آباد (جی این ایم) این سی سی آئی اے نے فراڈ میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار کر لیا جن سے 15 کروڑ روپے نقد اور گاڑیوں سمیت 25 کروڑ روپے کی ریکوری کی گئی۔ این سی سی آئی اے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے بنگلہ دیش کی پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد سے ملاقات کر رہے ہیں

پاک چین تعاون نئی تاریخ رقم کر رہا ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان کی خلائی مشن پر روانہ ہونے والے پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

آرڈر کے ذریعے مجھ سے کوئی بھی آئینی ترمیم نہیں کرائی جاسکتی، بلاول بھٹو

ری سیٹ پاکستان صرف 1973 کے آئین کے تحت ہی ہو سکتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے، میڈیا سے گفتگو

موجودہ حالات میں انارکی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ایسے کسی اقدام کے ساتھ کھڑے نہیں ہوں گے، چیئرمین پیپلز پارٹی

ملتان (آن لائن) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر کوئی آرڈر کے ذریعے ریفرنڈم، آئینی ترمیم یا نئے صوبے بنانا چاہتا ہے تو وہ نہیں بنیں گے، مجھ سے آرڈر کے ذریعے کوئی آئینی ترمیم نہیں کرائی جا سکتی۔ میڈیا کے مطابق ملتان میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ اگر کوئی آرڈر کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکروں میں دھماکے کے بعد آگ لگ گئی

تہران (آن لائن) ایران کی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکروں میں دھماکے کے بعد آگ لگ گئی جبکہ ایک اور امریکی MQ-9 ڈرون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر مصدق ملک کی ملاقات

ایس سی او اجلاس میں پاکستان کی بھرپور نمائندگی، وزیر اعظم کی مصدق ملک کے انداز بیان اور اردو کی تعریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے نئی دہلی میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تہذیبی مکالمے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اپوزیشن کی آواز کو محدود کرنا خود حکمرانوں کیلئے مفید نہیں ہوگا، لیاقت بلوچ

ایسے اقدامات سے حکمران اپنے خلاف نفرتوں کے پہاڑ کھڑے کر رہے ہیں، نائب امیر جے آئی

لاہور (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے جمعیت علمائے اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان کو ریاستی حصار میں قید نظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

خیبر پختونخوا کے 9 اضلاع میں لوکل کونسلز کی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری

پشاور (جی این ایم) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا کے 9 اضلاع میں لوکل کونسلز کی حلقہ بندیوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سوئی ناردرن گیس کمپنی کا صارفین کے خراب میٹرز تبدیل کرنے کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) سوئی ناردرن گیس کمپنی نے صارفین کے خراب میٹرز تبدیل کرنے کا آغاز کر دیا۔ ڈیفیکٹو، خراب ہونیوالے میٹرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ سپورٹس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بس کریں، بند دروازے کھولیں، عمران خان کو بلا تاخیر انصاف دیں، بیرسٹر گوہر

بہت مظالم ہو چکے، اب ملاقاتیں بحال کرائی جائیں، میرا سب سے ایک ہی سوال ہے کہ علیمہ بی بی کیوں جیل میں ہیں؟ بیان

چیف جسٹس صاحبان سے مؤدبانہ گزارش کرتا ہوں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف دیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے تینوں چیف جسٹسز سے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف فراہم کرنے، ملاقاتیں بحال کرانے اور کیسز کی لائیو اسٹریمنگ کی اپیل کر دی۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

احسن اقبال نے پاکستان کے پہلے خلاباز کی تاریخی روانگی کا براہ راست مشاہدہ کیا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے آج لانچ سائٹ پر بذات خود موجود رہ کر شینزو خلائی مشن کی تاریخی پرواز کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے حکومت پاکستان اور 26 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

گوادر، انجینئرنگ و ٹیکنالوجی انسٹیٹیوٹ کا قیام، ایم او یو پر دستخط

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے اور مقامی ہنر مند افرادی قوت تیار کرنے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور چین کے باہمی اشتراک سے گوادر میں انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے قیام کا منصوبہ تیار ہے۔ منصوبے کے مطابق پاکستان اور چین گوادر میں انجینئرنگ و ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گوادر، ڈی جی فشریز اور ڈی جی جی ڈی اے کی ملاقات

ماہی گیر کالونی فش لینڈنگ جیٹیز، غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام اور باہمی تعاون پر گفتگو

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل فشریز عتیق اللہ خان نے آج گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل انیس طارق گورگیج سے ملاقات کی اور انہیں عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ ملاقات کے دوران گوادر میں ماہی گیروں کی فلاح و بہبود، ماہی گیری کے شعبے کی ترقی اور غیر قانونی ٹرالنگ کی روک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ن لیگ کے 14 رکنی نوجوان رہنماؤں کا وفد چین پہنچ گیا

وفد کو جدید طرز حکمرانی، چینی ترقیاتی ماڈل اور مصنوعی ذہانت سے متعلق تربیت دی جائے گی

لاہور (جی این ایم) پاکستان اور چین کے تعلقات میں تعاون کے فروغ کے لیے مسلم لیگ ن کے 14 رکنی نوجوان رہنماؤں کا وفد چین پہنچ گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور قائد مسلم لیگ ن نواز شریف کے وژن کے تحت وفد پاک چین تعاون کو نئی جہت دینے کے لیے چین کا دورہ کر رہا ہے۔ وفد کی قیادت رکن قومی اسمبلی رانا ارادت شریف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

لیبیا کشتی حادثہ؛ ایف آئی اے ٹیم تحقیقات کیلئے باجوڑ پہنچ گئی

ٹیم کشتی حادثے کا نشانہ بننے والے افراد کے لواحقین سے ملاقات کرے گی

پشاور (جی این ایم) لیبیا کشتی حادثے کے بعد ایف آئی اے ٹیم تحقیقات کے لیے باجوڑ پہنچ گئی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق لیبیا کشتی حادثے کی تحقیقات جاری ہیں جس کے لیے ایف آئی اے کی ٹیم باجوڑ پہنچی ہے، ٹیم لیبیا بھجوانے والے ایجنٹس کے خلاف تحقیقات کرے گی۔ ذرائع کے مطابق ٹیم معلوم کرے گی کہ کس ایئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

طاقت کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کو روند کر آگے بڑھا جائے، خواجہ آصف

گزشتہ ترمیم کے سب سے بڑے بینیفشری زرداری صاحب تھے، اس ترمیم میں ان کو ساری عمر کا استثنیٰ ملا ہے، انٹرویو

محسن نقوی نے جس طریقے سے صوبوں کے معاملے کو ہینڈل کیا اس حوالے سے پارٹی میں بے چینی ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ سے متعلق بیان وزیر داخلہ محسن نقوی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ طاقت کے مرکز کے قریب ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کو روند کر آگے بڑھ جائے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسکردو، وزیر مواصلات نے دو پلوں اور ملو پا شیڈ کا افتتاح کر دیا

اسکردو میں گلگت بلتستان کی دشوار گزار شاہراہوں کو بہترین بنائیں گے، عبدالعلیم خان

اسکردو (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان شمالی علاقہ جات کے دورے پر اسکردو دموسا پہنچ گئے۔ شاہراہ بلتستان پر این ایچ اے کے دو پلوں اور ملو پا شیڈ کا افتتاح کر دیا۔ کہا سڑک پر پیٹرولنگ کا نظام بہتر بنائیں گے۔ این ایچ اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

خلائی سفر میں تاریخی پیشرفت، قوم کا محمد ذیشان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور (آن لائن) قوم نے پاکستان کے خلائی سفر میں تاریخی پیشرفت پر پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چینی خلائی مشن شینزو 24 کے ذریعے پاکستانی خلاباز کی خلا میں روانگی پر ملک بھر میں جوش و خروش نظر آیا، اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

بنگلہ دیش پارلیمنٹ کے اسپیکر کی وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس آمد

اسپیکر قومی اسمبلی نے وفد کو قومی اسمبلی ہال کے تاریخی پس منظر اور قانون سازی کے طریق کار سے آگاہ کیا

اسلام آباد (آن لائن) بنگلہ دیش پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرام پارلیمانی وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد پہنچے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اراکین قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کے سینئر افسران کے ہمراہ بنگلہ دیشی وفد کا استقبال کیا۔ بنگلہ دیش پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرام نے پارلیمنٹ ہاؤس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار پاور سیکٹر مینجمنٹ کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کو نظر بند کیا گیا ہے تو وجوہات بتانی ہوں گی، لاہور ہائیکورٹ

مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کے باہر تقریباً 3 ہزار پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، درخواست گزار وکیل کا عدالت میں موقف

جس نے بھی غیر قانونی اقدام کیا ہوگا اس کو خمیازہ بھگتنا ہوگا، مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظر بندی پر لاہور ہائیکورٹ کے ریمارکس

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ جس نے بھی غیر قانونی اقدام کیا اس کو خمیازہ بھگتنا ہوگا، اگر انہیں نظر بند کیا ہے تو وجوہات دینی ہوں گی، عدالت نے سی سی پی او لاہور کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر بدھ کو لاہور ہائی کورٹ میں سماعت ہوئی، جہاں سماعت کے دوران لاہور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پاکستان اور کینیا کا صحت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

کراچی (جی این ایم) پاکستان اور کینیا کے درمیان صحت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہوئی ہے، کینیا کے وزیر صحت کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے آغا خان یونیورسٹی کراچی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کینیا کے وزیر صحت سے ملاقات کی، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ اور ڈی جی ہیلتھ بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں آغا خان یونیورسٹی کی صحت کے شعبے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان بین الاقوامی نمائش کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بجلی کے شعبے کے استحکام کیلئے اداروں کے درمیان رابطہ ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

اجلاس کے دوران کمرشل بینکوں کے ذریعے توانائی کے شعبے کے قرضوں کی مالی معاونت کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، پاور سیکٹر کے قرضوں میں کمی اور مالی اصلاحات کیلئے قابل عمل اقدامات پر غور

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاور سیکٹر کے قرضوں کے مؤثر انتظام، مالیاتی نظم و ضبط اور توانائی کے شعبے میں مالی و انتظامی اصلاحات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے شعبے کے استحکام کے لیے پائیدار حل اور متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرمیوں کے موسم میں بجلی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مؤثر اور بروقت اقدامات کرنا ہوں گے، جبکہ صارفین کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے مربوط اصلاحات ضروری ہیں۔ اسحاق ڈار کی زیر صدارت پاور سیکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور ناروے کا پارلیمانی تعاون اور دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

اوسلو (جی این ایم) ناروے میں پاکستان کے سفیر عاصم علی خان نے اوسلو کے پاکستان ہاؤس میں پاکستان کی سابق وزیر خارجہ اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ کی چیئرپرسن حنا ربانی کھر کے اعزاز میں استقبالیہ دیا۔ تقریب میں ناروے کی پارلیمانی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ و دفاع کے چیئرمین پیٹر فروولچ اور کمیٹی کے دیگر ارکان، پاکستان ناروے دوستی گروپ کے چیئرمین فرخ قریشی، ڈپٹی چیئرپرسن ٹرائن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

PAKISTAN'S DRUG POLICY JOURNEY

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ انسانی حقوق اور منشیات کی پالیسی سے متعلق قومی مکالمے سے خطاب کر رہے ہیں

افغان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت مزید تیز، متعدد طالبان اہلکار ہلاک

غور کے ضلع دولینہ میں محکمہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے سربراہ کو بھی ہلاک کر دیا ہے، افغان مسلح گروہ کا دعویٰ

کابل (آن لائن) افغانستان میں قابض طالبان رجیم کے خلاف مسلح مزاحمت مزید تیز ہو گئی ہے، جس میں کئی طالبان اہلکار ہلاک ہو گئے۔ طالبان رجیم کے زیر تسلط افغانستان میں مخالف مسلح گروپوں کی کارروائیوں میں دن بدن تیزی دیکھنے میں آ رہی ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ سرپل، فاریاب، غور اور پکتیا میں قابض رجیم کے خلاف کارروائیوں میں 3 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ افغانستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کیش لیس پاکستان میں نمایاں پیش رفت سامنے آ گئی

ڈیجیٹل ادائیگی مراکز کی تعداد چار گنا بڑھ کر 20 لاکھ ہو گئی ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی براہ راست قیادت اور مسلسل نگرانی میں کیش لیس پاکستان کے قومی ایجنڈے پر نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے مراکز کی تعداد چار گنا اضافے سے 20 لاکھ سے متجاوز اور سالانہ ڈیجیٹل لین دین کا حجم بڑھ کر 16 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

روزنامہ
اُستمان
چیف ایڈیٹر: منیر احمد
مستونگ

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔0333-7999560 فون نمبر۔081-2443797

بدلتی وفاداری اور اقتدار کی نئی صف بندی

پاکستان کی سیاست ایک بار پھر نئے اتحادوں، بدلتی وفاداریوں اور اقتدار کی نئی صف بندیوں کے گرد گھوم رہی ہے مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں گرینڈ اپوزیشن کی تشکیل کے امکانات اور بلاول بھٹو زرداری کے اپوزیشن بنچوں پر بیٹھنے کے اشاروں نے سیاسی منظرنامے میں نئی بحث چھیڑ دی ہے تاہم دونوں رہنماؤں کے درمیان حتمی اتحاد یا مشترکہ فیصلہ سامنے آنے تک اسے سیاسی امکان ہی سمجھنا چاہیے سوال یہ ہے کہ کیا ایک اور سیاسی اتحاد ملک کے بنیادی مسائل حل کر سکے گا، یا پاکستان کو حکومتوں کی تبدیلی سے پہلے سیاسی، آئینی اور انتظامی اصلاحات کے واضح قومی منصوبے کی ضرورت ہے؟ پاکستان کی سیاسی تاریخ بتاتی ہے کہ حکومتیں بدلتی رہی ہیں، اتحاد بنتے اور ٹوٹتے رہے ہیں، لیکن ریاستی اداروں کی کارکردگی، انتخابی شفافیت، انصاف کی فراہمی اور عوامی خدمات سے متعلق سوالات اپنی جگہ موجود ہیں اس صورت حال کو محض جمہوریت کی ناکامی قرار دینا درست نہیں اصل ضرورت یہ جانچنے کی ہے کہ خامیاں آئینی نظام میں ہیں، سیاسی طرزِ عمل میں یا انتظامی ڈھانچے میں ان تینوں کو الگ الگ سمجھے بغیر کسی بھی بڑی تبدیلی کے نتائج کا درست اندازہ نہیں لگایا جا سکتا مولانا فضل الرحمن ایک تجربہ کار پارلیمانی سیاست دان ہیں، جبکہ بلاول بھٹو زرداری ایک بڑی سیاسی جماعت کی قیادت کرتے ہیں اگر دونوں کسی وسیع اپوزیشن اتحاد میں شریک ہوتے ہیں تو اس کی اہمیت محض پارلیمانی تعداد یا حکومتی دباؤ تک محدود نہیں ہونی چاہیے عوام کے سامنے یہ واضح ہونا چاہیے کہ اتحاد کا معاشی پروگرام کیا ہوگا، انتخابی اصلاحات کیسے ہوں گی، پارلیمان کی بالادستی کس طرح مضبوط ہوگی اور صوبوں کے مسائل کا حل کس آئینی طریقے سے تلاش کیا جائے گا مضبوط اپوزیشن جمہوریت کی ضرورت ہے، لیکن اس کی اصل افادیت متبادل پالیسیوں اور موثر پارلیمانی نگرانی سے سامنے آتی ہے نئے صوبوں کی بحث بھی اسی سیاسی کشمکش کا اہم حصہ ہے جنوبی پنجاب، ہزارہ اور دیگر علاقوں میں انتظامی سہولت، علاقائی شناخت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے مطالبات مختلف ادوار میں سامنے آتے رہے ہیں نئے صوبوں کے حامی سمجھتے ہیں کہ چھوٹے انتظامی یونٹ عوام کو حکومت کے قریب لا سکتے ہیں، جبکہ مخالفین اضافی اخراجات، سیاسی تقسیم اور وسائل کی پیچیدہ تقسیم کے خدشات ظاہر کرتے ہیں دونوں موقف سنجیدہ غور کے مستحق ہیں آئین کے آرٹیکل 239(4) کے مطابق کسی صوبے کی حدود تبدیل کرنے والی آئینی ترمیم کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری ضروری ہے اس لیے نئے صوبوں کا قیام محض سیاسی اعلان نہیں بلکہ وسیع آئینی اتفاق رائے کا تقاضا کرتا ہے مریم نواز سمیت تمام صوبائی قیادت کے سامنے بنیادی سوال یہ ہے کہ کیا نئے صوبے ضروری ہیں، یا موجودہ صوبوں کے اندر مضبوط اضلاع، بااختیار بلدیاتی ادارے اور موثر انتظامی تقسیم بھی عوامی مسائل کا حل فراہم کر سکتے ہیں؟ یہاں آئین کا آرٹیکل 140A خصوصی اہمیت رکھتا ہے، جو صوبوں کو مقامی حکومتوں کے قیام اور منتخب نمائندوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات منتقل کرنے کا پابند بناتا ہے جب تک اختیارات صوبائی دارالحکومتوں سے ضلع، تحصیل اور مقامی سطح تک موثر انداز میں منتقل نہیں ہوتے، انتظامی اصلاحات کی بحث ادھوری رہے گی عوام کو صرف نئے دفاتر یا نئی اسمبلیوں کی نہیں، بروقت انصاف، بہتر تعلیم، علاج، صاف پانی اور جواب دہ سرکاری اداروں کی ضرورت ہے اصل سوال یہ بھی ہے کہ سیاسی اصلاحات کون کرے گا؟ اس کی بنیادی ذمہ داری پارلیمان، صوبائی اسمبلیوں اور منتخب سیاسی قیادت پر عائد ہوتی ہے انتخابی قوانین میں شفافیت، سیاسی جماعتوں کے اندر جمہوری طریقہ کار، پارلیمانی کمیٹیوں کی فعالیت، احتساب کے یکساں اصول اور سول سروس میں میرٹ ایسے معاملات ہیں جن پر حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اپنا موقف واضح کرنا چاہیے اصلاحات صرف حکومتی ذمہ داری نہیں حزبِ اختلاف کو بھی متبادل قانون سازی اور قابلِ عمل تجاویز پیش کرنی چاہئیں کیا نظام کی تبدیلی سے پہلے تمام اصلاحات مکمل کر لینا ضروری ہے؟ اس سوال کا عملی پہلو یہ ہے کہ بعض اصلاحات موجودہ آئینی نظام کے اندر فوری شروع ہو سکتی ہیں، جبکہ بڑی آئینی تبدیلیوں کے لیے طویل مشاورت اور قانونی مراحل درکار ہوتے ہیں مکمل اتفاقِ رائے کے انتظار میں انتظامی بہتری روک دینا بھی مسائل پیدا کر سکتا ہے اس لیے فوری اصلاحات اور طویل مدتی آئینی مشاورت کو ایک مربوط منصوبے کے تحت آگے بڑھانے کا راستہ زیرِ غور آنا چاہیے اس مقصد کے لیے پارلیمانی نگرانی میں ایک قومی اصلاحاتی کمیشن کی تجویز اہم ہو سکتی ہے، جس میں حکومت، اپوزیشن، صوبوں، آئینی ماہرین، معاشی ماہرین اور انتظامی تجربہ رکھنے والے افراد کی نمائندگی ہو کمیشن انتخابی نظام، عدالتی و انتظامی کارکردگی، نئے صوبوں کے مالی اثرات، بلدیاتی اختیارات اور سرکاری اداروں کی جواب دہی پر جامع وائٹ پیپر تیار کرے اس کی سفارشات عوامی مشاورت کے بعد پارلیمان میں پیش ہوں، تاکہ کسی بھی تبدیلی کے مقاصد، اخراجات اور متوقع نتائج قوم کے سامنے واضح ہوں پاکستان کو سیاسی استحکام کے ساتھ ایسی اصلاحات کی ضرورت پر بحث کرنا ہوگی جو حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود جاری رہ سکیں معیشت، تعلیم، صحت، انصاف اور مقامی حکومتوں جیسے شعبوں میں پالیسیوں کا تسلسل اہم ہے اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے، مگر اختلاف کو اداروں کی مفلوجی کا سبب بننے سے روکنے کے لیے مشترکہ آئینی اصول اور موثر پارلیمانی طریقہ کار ضروری ہیں گرینڈ اپوزیشن بنے یا موجودہ سیاسی اتحاد برقرار رہیں، فیصلہ کن سوال یہی رہے گا کہ سیاسی قیادت قوم کے سامنے کون سا قابلِ عمل اصلاحاتی منصوبہ رکھتی ہے بلاول بھٹو زرداری، مولانا فضل الرحمن، مریم نواز اور دیگر رہنماؤں کے سیاسی فیصلوں کو بھی اسی معیار پر پرکھا جانا چاہیے پاکستان کے مستقبل کا بنیادی سوال یہ نہیں کہ حکومت کس کی ہوگی، بلکہ یہ ہے کہ حکومت کیسے چلے گی، ادارے کس کے سامنے جواب دہ ہوں گے اور عوام کو ان کے آئینی حقوق کیسے ملیں گے چہروں کی تبدیلی سیاسی عمل کا حصہ ہے اداروں کی اصلاح قومی مستقبل کا مستقل سوال ہے۔

سیاست میں مصالحت کی شمعِ امید

تحریر: مطلوب احمد وڑائچ

ہم بچپن سے سنتے آ رہے ہیں کہ جنگیں بالآخر مذاکرات کی میز ہی پر ختم ہوتی ہیں۔ تاریخ کے مختلف ادوار کی جنگوں سے لے کر دوسری جنگِ عظیم اور کورین وار تک، ہر تجربہ ہمیں یہ سمجھاتا ہے کہ تصادم کے ساتھ اس کے سیاسی انجام کو بھی نظر میں رکھنا ہوتا ہے۔ پاکستان میں حالات زیادہ تر دگرگوں ہی رہے ہیں۔ ملک بنے ہوئے اسی برس ہونے کو ہیں، لیکن ہم نے قومی بیماری اور اس کی صحیح تشخیص کی ضرورت کم ہی محسوس کی۔ کبھی سیاسی مخالفت آڑے آ گئی، کبھی برادری کے جھگڑے، کبھی صوبائی اختلافات اور کبھی مذہب اور مصلحت کے نام پر اٹھنے والے تنازعات۔ یوں اصل بیماری اور اس کی تشخیص سے لوگوں کی توجہ ہٹتی رہی۔ گزشتہ چار برسوں سے پاکستان کے حالات خاصے پیچیدہ ہیں۔ قوم شدید تقسیم کا شکار ہے، لیکن ایسے دردِ دل رکھنے والے لوگ بھی موجود ہیں جو ملک میں استحکام چاہتے ہیں۔ غلطیاں سب سے ہوتی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ بھی غلطیاں کرتی ہے، صحافی بھی، بیوروکریٹ بھی اور سیاست دان بھی۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم ان غلطیوں کو بنیاد بنا کر قومی سلامتی ہی داؤ پر لگا دیں۔ غلطیوں کا جائزہ بھی ہونا چاہیے اور ان کی اصلاح بھی، مگر اس انداز میں کہ ملک آگے بڑھے اور باہمی تصادم مستقل قومی رویہ نہ بن جائے۔ پاکستان کو اپنے گردوپیش میں سنگین سلامتی کے مسائل کا سامنا ہے۔ افغانستان، جس کے لاکھوں مہاجرین کی ہم نے چار دہائیوں سے زیادہ عرصے تک میزبانی کی، آج اس کے ساتھ تعلقات بھی شدید تناؤ کا شکار ہیں۔ ان برسوں میں مہاجر خاندانوں کی نسلیں یہاں پروان چڑھیں۔ تاہم عام مہاجرین اور دہشت گرد عناصر میں فرق رکھنا ضروری ہے۔ ہمارا مسئلہ ان گروہوں اور سہولت کاروں سے ہے جو پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے سرحد پار ٹھکانوں اور روابط کا استعمال کرتے ہیں۔ جس سرحد کے بارے میں کبھی ہمیں نسبتاً اطمینان تھا، آج وہاں سے دراندازی، منشیات کی اسمگلنگ اور دہشت گرد حملوں کے خطرات درپیش ہیں۔ ان بیرونی مشکلات کے درمیان ہمارے داخلی سیاسی حالات بھی غیر متوازن ہو گئے ہیں۔ ایک بڑی سیاسی جماعت کو دیوار سے لگانے کی کوششوں نے صورت حال مزید الجھائی ہے۔ بعض اوقات حالات ایسے موڑ پر پہنچ جاتے ہیں جہاں کسی کو واپسی کا راستہ دکھائی نہیں دیتا۔ میں نے قومی اور بین الاقوامی سیاست کے مشاہدے، مختلف سربراہانِ مملکت اور سیاسی رہنماؤں سے ملاقاتوں اور گفتگو میں یہی سیکھا ہے کہ سیاست میں کوئی بات حرفِ آخر نہیں ہوتی۔ اختلاف میں اتنا آگے نہیں بڑھ جانا چاہیے کہ دوسرے فریق کو بند گلی میں دھکیل دیا جائے۔ بے بسی میں کسی سے کچھ کہلوا یا لکھوا لینا ممکن ہے، مگر اسے پائیدار سیاسی حل نہیں کہا جا سکتا۔

پاکستان میں بھی کچھ ایسی ہی کیفیت رہی ہے۔ انتخابات ہوئے، لیکن ان کی شفافیت پر ملک کے اندر اور باہر سوالات اٹھے۔ ان سوالات کو محض نظرانداز کر دینے سے سیاسی بے اعتمادی ختم نہیں ہوتی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مریم نواز شریف کی حکومت جدت، نئے منصوبوں اور ترقیاتی سرگرمیوں کا ایک انداز اپنے ساتھ لائی ہے، لیکن لوگوں کے دلوں سے کسی مقبول رہنما کا اثر صرف انتظامی اقدامات کے ذریعے نہیں نکالا جا سکتا۔ ذوالفقار علی بھٹو کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ ان کی پھانسی کو نصف صدی ہونے کو ہے، مگر ان کا نام آج بھی سیاست میں زندہ ہے۔ بعد میں سپریم کورٹ نے بھی قرار دیا کہ ان کے مقدمے میں منصفانہ سماعت کے تقاضے پورے نہیں ہوئے تھے۔ اسی طرح موجودہ مقبول قیادت کا اثر کم کرنا ہے تو اس کے لیے عوامی خدمت میں کہیں زیادہ محنت کرنا ہوگی۔ لوگوں کو اپنے عمل سے بتانا ہوگا کہ ہم ان کے لیے بہتر کر سکتے ہیں۔ سیاسی مقبولیت کا مقابلہ بہتر کارکردگی سے ہوتا ہے۔ عوام کے مسائل حل ہوں، انہیں انصاف ملے اور زندگی آسان ہو تو ان کی رائے بھی بدل سکتی ہے۔ دوسری طرف ہماری معیشت پر بیرونی قرضوں کا بوجھ مسلسل تشویش کا باعث ہے۔ قوم کو معدنی ذخائر کے نئے نئے خواب دکھائے جا رہے ہیں۔ کہیں دریاؤں اور ڈیموں سے اربوں ڈالر کا سونا حاصل کرنے کی بات ہوتی ہے تو کہیں زیرِ زمین دولت سے تمام معاشی مسائل حل کرنے کی نوید سنائی جاتی ہے۔ ایسے دعووں پر پانی سے گاڑی چلانے جیسے پرانے قصے یاد آ جاتے ہیں۔ قدرتی وسائل ضرور تلاش کیجیے، مگر قوم کے سامنے ان کی مقدار، لاگت اور قابلِ عمل منصوبہ بھی رکھیے۔ ہمیں وہ کام کرنے چاہئیں جن کے نتائج دیرپا ہوں۔ ایک سیاست دان شاید کسی غیر حقیقی دعوے کا سیاسی نقصان برداشت کر لے، مگر کسی ادارے کی ساکھ مجروح ہو تو اس کے اثرات زیادہ گہرے ہوتے ہیں۔ ادارے قوم کی اساس اور قومی سلامتی کے ضامن ہوتے ہیں۔

اسی تناظر میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے معاشی استحکام، سرمایہ کاری اور پاکستان کے بین الاقوامی روابط کو تقویت دینے کی کوششیں میرے نزدیک قابلِ تحسین ہیں۔ ملک کی ترقی کے لیے سلامتی اور معاشی اعتماد کا ساتھ ساتھ بڑھنا ضروری ہے۔ اگر ان کوششوں کے ساتھ داخلی معاملات بھی مصلحت، مفاہمت اور سیاسی اعتماد کی بحالی کی طرف بڑھتے ہیں تو یہ ایک مثبت قومی خدمت ہوگی۔ قیادت کی کامیابی یہی ہے کہ اس کے کردار سے اداروں کا وقار بڑھے، معیشت کو سہارا ملے اور اختلاف رکھنے والوں کے لیے بھی باعزت راستہ نکلے۔

میں اسٹیبلشمنٹ میں موجود ان لوگوں کی سوچ کو بھی سراہتا ہوں جو کشیدگی کم کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں، اور تحریک انصاف کی اس قیادت کے طرزِ عمل کو بھی جو مصلحت کے ذریعے اپنی جماعت کے لیے سیاسی گنجائش اور وقار کی بحالی چاہتی ہے۔ اپوزیشن میں بھی ایسے لوگ ہیں جو مل بیٹھ کر آگے بڑھنے کی بات کرتے ہیں اور صاحبِ اقتدار طبقے میں بھی۔ مسئلہ یہ ہے کہ اقتدار آتے ہی کچھ لوگ یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ موقع ابھی ملا ہے، جتنا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اٹھا لیا جائے۔ ایسے دیہاڑی دار رویے سیاست میں بھی ملتے ہیں۔ انہیں طویل المدت قومی مفاد سے زیادہ اپنی وقتی منفعت عزیز ہوتی ہے۔ گزشتہ چند دنوں میں قومی افق پر کچھ تبدیلیوں کے اشارے دکھائی دیے ہیں۔ عمران خان کی دو بہنوں کی رہائی ہوئی ہے، جبکہ سابق خاتونِ اول بشریٰ بی بی کو ممکنہ ریلیف ملنے کی باتیں بھی سامنے آ رہی ہیں۔ البتہ امکانات کو حتمی فیصلے سمجھنا درست نہیں۔ یہ پیش رفت کشیدگی کم کرنے کا راستہ بن سکتی ہے تو اس کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔

بعض سینئر اور قابلِ احترام صحافیوں نے اس طرزِ عمل کو عمران خان کے عصر کے وقت روزہ توڑنے سے تعبیر کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی حقیقت کا ادراک کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ یہ سحر کے وقت بھی ہو سکتا ہے، ظہر، عصر یا مغرب کے وقت بھی۔ اصل سوال یہ ہے کہ نئی سوچ ملک کو کس طرف لے جاتی ہے۔ مصلحت کو نظرانداز کر کے مسلسل آگے بڑھتے رہنا بعض اوقات دیوار سے ٹکرانے کے مترادف ہوتا ہے۔

اگر یہ احساس پیدا ہو رہا ہے کہ قومی حالات مزید محاذ آرائی کے متحمل نہیں تو اسے کمزوری کیوں سمجھا جائے؟ ڈنڈا اور بندوق آمنے سامنے ہوں گے تو نقصان قومی سلامتی ہی کو پہنچے گا، اور اس کمزوری سے فائدہ پاکستان کے مخالف عناصر اٹھائیں گے۔ جن ممالک کے درمیان ہم صلح اور ثالثی کی کوششیں کرتے ہیں، وہ بھی ایک کمزور اور داخلی انتشار کے شکار پاکستان پر کتنا اعتماد کر سکیں گے؟ ایران جیسے دوست کے ساتھ تعلقات ہوں یا دوسری سفارتی ذمہ داریاں، داخلی استحکام ہماری قوت کی بنیاد ہے۔

اس لیے قومی سلامتی کو سامنے رکھتے ہوئے مصلحت اور مفاہمت کی سیاست اختیار کرنا ہوگی۔ مذاکرات میں کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر بات آگے بڑھتی ہے۔ آنکھیں بند کر کے غیر سنجیدہ انداز میں سیاسی کھیل کھیلتے رہیں تو سانپ سیڑھی کے کھیل کی طرح ننانوے پر پہنچ کر بھی سانپ ڈس سکتا ہے۔ تحریک انصاف کے لوگوں کو اپنے نقصانات کا احساس ہوا ہے اور وہ سیاسی راستہ اختیار کرنا چاہتے ہیں تو یہ قابلِ فہم بات ہے۔ سیاست میں فائدے بھی ہوتے ہیں اور نقصان بھی؛ اصل دانائی یہ ہے کہ تجربے سے سیکھا جائے۔ میں ان تمام لوگوں کی کوششوں کو سراہتا ہوں جو سیاسی قیادت اور ریاستی اداروں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے لیے رابطے اور مفاہمت کا راستہ نکال رہے ہیں۔

ایک شفیق رفیقِ حیات، ایک فرض شناس استاد اور بے بس نظام

تحریر: گلزار ملک

زندگی کے سفر میں کچھ رشتے ایسے ہوتے ہیں جن کی موجودگی انسان کے لیے حوصلہ، سکون اور زندگی کا سہارا بن جاتی ہے۔ مگر جب یہی رشتے اچانک بچھڑ جائیں تو زندگی کی ساری رونقیں ماند پڑ جاتی ہیں۔ انسان بظاہر لوگوں کے درمیان موجود رہتا ہے، لیکن اس کے اندر ایک ایسا خلا پیدا ہو جاتا ہے جسے وقت بھی کبھی مکمل طور پر پُر نہیں کر سکتا۔

راقم الحروف کی اہلیہ محترمہ جمعۃ المبارک کی شام 13 نومبر 2026 کو میو ہسپتال لاہور میں طویل علالت اور زندگی و موت کی کشمکش کے بعد اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملیں۔ ان کی وفات میرے لیے محض ایک گھریلو صدمہ نہیں بلکہ زندگی کے ایک ایسے باب کا اختتام ہے جس میں رفاقت، محبت، خلوص اور بے شمار یادیں وابستہ ہیں۔ ان کی طبیعت بلڈ پریشر بڑھ جانے کے باعث خراب ہوئی تو انہیں فوری طور پر گورنمنٹ نواز شریف ہسپتال یکی گیٹ لاہور کی ایمرجنسی میں لے جایا گیا، جہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر کی جانب سے ادویات کی زیادہ خوراک دیے جانے کے بعد ان کا بلڈ پریشر غیر معمولی طور پر کم ہو گیا۔ بعد ازاں انہیں میو ہسپتال لاہور منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طور پر بہتر طبی امداد فراہم کی گئی اور پھر میڈیکل وارڈ میں شفٹ کر دیا گیا۔ وہ مسلسل بے ہوشی کی حالت میں زندگی کی جنگ لڑتی رہیں، مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ بالآخر 13 نومبر بروز جمعۃ المبارک شام 4 بج کر 50 منٹ پر ان کی زندگی کا سفر تمام ہو گیا۔

مرحومہ پیشے کے اعتبار سے ایک اسکول ٹیچر تھیں۔ انہوں نے اپنی ملازمت کے دوران نہایت فرض شناسی، خلوص اور ذمہ داری کے ساتھ تدریسی فرائض انجام دیے۔ 7 اکتوبر 2024 کو اپنی سروس مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہوئیں۔ ان کی زندگی کا ایک بڑا حصہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی میں گزرا۔ استاد کا اصل سرمایہ اس کے شاگرد ہوتے ہیں، اور ایک مخلص استاد اپنی محنت کے ذریعے آنے والی نسلوں کے مستقبل میں اپنا حصہ ڈال جاتا ہے۔ بلاشبہ ان کی تدریسی خدمات ان کے لیے ایک قابلِ قدر یادگار ہیں۔ مرحومہ اپنے پیچھے دو بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑ گئی ہیں۔ اولاد کے لیے ماں کا بچھڑ جانا ایسا صدمہ ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ ان کی بیٹی اپنی والدہ کی جدائی برداشت نہیں کر پا رہی۔ وہ بار بار اپنی ماں کو آوازیں دے کر پکارتی رہی، شاید اسے اب بھی یقین نہیں آ رہا کہ جس ہستی کو وہ ہر مشکل اور ہر خوشی میں اپنے قریب پاتی تھی، وہ اب اس دنیا میں موجود نہیں۔ ماں کو بار بار آوازیں دیتے دیتے صدمے کی شدت سے اس کا بلڈ پریشر بھی کئی مرتبہ کم ہو گیا۔ ایک باپ کے لیے اس سے زیادہ تکلیف دہ منظر کیا ہوگا کہ وہ خود شریکِ حیات کی جدائی کا غم سہہ رہا ہو اور اپنی بیٹی کو ماں کے لیے تڑپتا ہوا بھی دیکھ رہا ہو۔ ان کی نمازِ جنازہ میں مقامی تاجروں، اہلِ محلہ اور تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایک ایسا جذباتی منظر بھی دیکھنے میں آیا جسے ایک باپ شاید زندگی بھر نہیں بھلا سکتا۔ میرے چھوٹے بیٹے محمد عبید گلزار ملک کی دلی خواہش تھی کہ وہ اپنی پیاری والدہ کا جنازہ خود پڑھائے۔ چنانچہ اس نے اپنی اس خواہش کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اپنی والدہ کی نمازِ جنازہ کی امامت کی۔ ایک بیٹے کے لیے اس سے بڑھ کر کرب اور عقیدت کا لمحہ کیا ہو سکتا ہے کہ جس ماں نے اسے انگلی پکڑ کر چلنا سکھایا، آج وہی بیٹا اپنی ماں کو آخری رخصتی دے رہا ہو۔ لوگوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا اظہار تھی کہ مرحومہ اپنے اردگرد کے لوگوں میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھیں۔ دکھ کی اس گھڑی میں شریک ہونے والے تمام احباب کی محبت اور تعزیت ہمارے لیے ایک بڑا سہارا ہے۔ ہم ان سب کے مشکور ہیں جنہوں نے جنازے میں اور قرآن خوانی میں شرکت کی۔ ہم ان کے بھی مشکور ہیں جنہوں نے ٹیلی فون، واٹس ایپ پر اور ہمارے گھر پر آ کر فاتحہ خوانی کی اور ہم سے افسوس کا اظہار کیا۔

تاہم اس ذاتی سانحے کے ساتھ ایک ایسا سوال بھی وابستہ ہے جسے نظرانداز کرنا ممکن نہیں۔ ہمارے سرکاری ہسپتالوں کی ایمرجنسیوں میں روزانہ کتنے مریض زندگی اور موت کی کشمکش میں پہنچتے ہیں؟ کتنے لواحقین امید لے کر آتے ہیں اور کتنے اپنے پیاروں کو کھو کر واپس لوٹتے ہیں؟ کیا مریض کی جان کی اہمیت صرف اس وقت تک ہے جب تک وہ ہسپتال کے دروازے پر پہنچتا ہے، یا اس کے بعد بھی اس کی زندگی کی حفاظت کسی کی ذمہ داری ہے؟ ڈاکٹر اور طبی عملہ یقیناً قابلِ احترام ہیں، مگر علاج میں غفلت، ادویات کی درست مقدار کا تعین اور مریض کی مسلسل نگرانی ایسے معاملات ہیں جنہیں کسی صورت معمولی نہیں سمجھا جا سکتا۔ اگر کہیں کوتاہی ہوئی ہے تو اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اور ذمہ داری کا تعین بھی ضروری ہے۔

ہسپتالوں کی افراتفری کا حال یہ ہے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے اور کیا نہیں ہو رہا، بلکہ وہ کچھ ہو رہا ہے جو نہیں ہونا چاہیے اور جو ہونا چاہیے وہ ہو نہیں رہا۔ ان دو جملوں کے درمیان پورے نظامِ صحت کی تصویر بھی موجود ہے اور ان خاندانوں کا درد بھی جو اپنے پیاروں کی زندگی بچانے کے لیے سرکاری ہسپتالوں کا رخ کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ اگلے کالم میں لاہور کے سرکاری ہسپتالوں کے متعلق ایک تحریر قارئین کی نظر ضرور کریں گے۔

ایک طرف ایک فرض شناس استاد اپنی پوری ملازمت کے دوران دوسروں کے بچوں کا مستقبل سنوارتی رہی اور دوسری طرف اپنی زندگی کے آخری ایام میں خود علاج کی محتاج ہو کر ہسپتال کے بستر پر بے بسی کی تصویر بنی رہی۔ آج وہ ہمارے درمیان موجود نہیں، مگر ان کی یادیں، ان کی خدمات اور ان کی رفاقت ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ میری اہلیہ کی وفات کا دکھ اپنی جگہ، لیکن یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ آخر کب تک مریضوں کی زندگیوں کے ساتھ انتظامی بے حسی اور طبی کوتاہیوں کے سائے منڈلاتے رہیں گے؟ کسی گھر کا چراغ بجھ جانے کے بعد تعزیت کے چند الفاظ اس خاندان کا نقصان پورا نہیں کر سکتے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مریض کو محض ایک کیس نہیں بلکہ ایک قیمتی انسانی جان سمجھا جائے۔ کیونکہ ہسپتال وہ مقام ہے جہاں انسان زندگی کی امید لے کر آتا ہے، موت کا انتظار کرنے نہیں۔ بہرحال دعا ہے کہ انہیں اللہ پاک جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے آمین

حسین نقی کی تدفین اور روسی ادیب چیخوف

تحریر: منیر احمد

روس کا ایک ناول نگار تھا میکسم گورکی۔ ”ماں“ کے نام سے لکھا اس کا ناول بہت مشہور ہوا تھا۔ روس کمیونسٹ انقلاب کے بعد سوویت یونین بنا تو اس ناول کے دنیا کی تقریباً ہر زبان میں ترجمے ہوئے۔ نوجوانوں کو کمیونسٹ نظریات کی جانب راغب کرنے کو یہ ناول بہت کام آتا۔ ”انقلابی“ دِکھنے کے شوق میں اس ناول کو میں نے نوجوانی میں تقریباً حفظ کر رکھا تھا۔ شک شبے کی علت نے مگر جلد سمجھا دیا کہ مذکورہ ناول سطحی نوعیت کا پراپیگنڈہ ہے۔

گورکی کے مقابلے میں روس ہی کے ایک اور ادیب چیخوف نے مجھے بہت متاثر کیا۔ بنیادی طور پر وہ افسانہ نگار تھا۔ مجھے البتہ اس کے ڈراموں نے شدید متاثر کیا۔ جاگیردارانہ دور سے جدید نظام کی جانب بڑھتے روس کی قدیم اشرافیہ کے زوال پذیر رویے اس کا موضوع تھے۔ محل نما گھروں میں رہنے کے عادی جاگیردارانہ گھرانے سرمایہ دارانہ معیشت کے ہاتھوں پسپا ہونے لگے تو اپنی جائیدادیں اور زمینیں ان نو دولتیوں کو بیچنے کو مجبور ہوئے جنہیں کمی کمین تصور کرتے ہوئے وہ فاصلے پر رکھا کرتے تھے۔ قدیم گھرانوں کی معاشی گراوٹ اور نفسیاتی تضادات کو چیخوف نہایت حقیقت پسندانہ انداز میں بیان کرتا ہے اور یوں کرتے ہوئے تحریر کو بوجھل بنانے کے بجائے کاٹ دار طنز کے ذریعے شگفتہ بنائے رکھتا ہے۔

گورکی یا چیخوف آج کا موضوع نہیں۔ تاحیات ہمارے معاشرے میں مساوات، آزادیٔ اظہار اور انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کرنے والے حسین نقی صاحب کا اتوار کے روز انتقال ہوا تھا۔ تدفین لاہور میں ہوئی۔ وہاں جا نہ سکا۔ اپنے ایک عزیز ترین دوست کو پرسے کے لیے وائس میسج بھیجا۔ مجھے یقین تھا کہ وہ ان کی نمازِ جنازہ میں شریک ہوں گے اور ان کی شرکت میرے دکھ کی نمائندگی بھی کر دے گی۔ نقی صاحب کی تدفین کے بعد انہوں نے جو پیغام بھیجا اس نے گورکی کی یاد دلائی۔ گورکی چیخوف کے جنازے میں شریک ہوا تھا۔ اس کی تدفین کے بعد دکھی دل سے ایک مضمون لکھا۔ وہ حیران و پریشان تھا کہ لاکھوں گھروں میں مقبول ہوئے چیخوف کے جنازے میں بہت کم لوگ شریک ہوئے تھے۔ وہ تقریباً گمنام آدمی کی موت مرا۔ میرے عزیز دوست کو بھی دکھ تھا کہ تاحیات انسانی حقوق کے لئے جدوجہد کرنے والے نقی صاحب کی خاطر خواہ انداز میں تدفین نہیں ہوئی۔

نقی صاحب کو سلامِ عقیدت پہنچانے کے لیے میں نے جو کالم لکھا منگل کی صبح چھپ گیا تو کئی دوستوں نے شکوہ کیا کہ میں نے ان کی صحافتی زندگی کا ذکر کرتے ہوئے اس حقیقت کو نظرانداز کیا کہ لکھنؤ سے لاہور منتقل ہوئے نقی صاحب نے 1980ء کی دہائی میں لاہور سے پنجاب کا ایک روزنامہ اخبار -سجن (دوست)- بھی نکالا تھا۔ پنجاب کے مرکز سے نکالے اس اخبار کو مناسب پذیرائی نہ مل پائی۔ بالآخر معاشی مشکلات کی وجہ سے بند ہو گیا۔ نقی صاحب کی جانب سے ”سجن“ اخبار کا اجراء میں کسی اور تناظر میں بیان کرنا چاہ رہا تھا۔ دوستوں کے گلے نے وہ تناظر بیان کرنے کا موقع فراہم کر دیا۔ بنیادی حقیقت یہ ہے کہ پنجابیوں کی بے پناہ اکثریت اپنی زبان سے پیار نہیں کرتی۔ میں نے اردو، انگریزی، روسی، فرانسیسی اور لاطینی امریکہ کا ادب برسوں سے مناسب لگن کے ساتھ چھانا ہے۔ وارث شاہ کی لکھی ہیر کے مستند نسخے خریدنے کے باوجود پڑھنے کی ہمت نہ ہوئی۔ علی عباس جلالپوری صاحب کی اردو میں لکھی ایک کتاب کے ذریعے وارث شاہ کی شاعری پر گرفت اور تخیل پرواز جان کر مطمئن ہو گیا۔ پنجابی کے کلاسیکی شعراء میں شاہ حسین نمایاں ترین ہیں۔ ان کا تعلق لاہور کے ٹیکسالی دروازے سے تھا۔ مجھے بی اے تک لیکن انکی لکھی ایک ہی کافی کا علم تھا جسے حامد علی بیلا نے گایا اور وہ ریڈیو پاکستان سے اکثر نشر ہوا کرتی۔ جی ہاں ”مائے نی میں ...“ والی کافی۔ شاہ حسین کا دیوان گورنمنٹ کالج لاہور کے ہردلعزیز استاد ڈاکٹر نذیر احمد صاحب نے اپنی نگرانی میں چھپوایا تھا۔ میں نے اسے بہت چاؤ سے خریدا مگر غور سے پڑھ نہ پایا۔ بلھے شاہ کے کلام کے ساتھ بھی ایسا ہی واقعہ ہوا۔ جماندرو لہوری ہونے کے باوجود میرا تعلق اس متوسط طبقے سے ہے جو پنجابی تحریر روانی سے پڑھ نہیں سکتا۔ تین برس قبل سانحہ یہ بھی ہوا کہ میں نے ہیر وارث شاہ پڑھنے کے لئے ایسی کتاب خریدی جس میں ہر شعر کا اردو ترجمہ بھی پنجابی اشعار تلے لکھا ہوا تھا۔ اس کتاب کو پڑھتے ہوئے بھی پنجابی اشعار پر توجہ دینے کے بجائے اردو ترجمہ دیکھ کر ڈنگ ٹپانے کی کوشش کی۔ پنجابی زبان سے ہماری دوری کا آغاز کیسے ہوا یہ جاننے کی بھی کوشش نہیں کی۔ دنیا بھر میں نوجوانوں کی اکثریت زبان و ادب سے دور ہو رہی ہے۔ اس کے باوجود میں برطانیہ کی جن زی سے تعلق رکھنے والے نوجوان کی شیکسپیئر سے ناواقفیت ذہن میں لا ہی نہیں سکتا۔

غزہ، ایران پر جارحیت کے بعد صیہونی ریاست اندرونی خلفشار

تحریر: لیاقت بلوچ

27 اکتوبر 2026ء کو اسرائیل میں عام انتخابات کے بعد نئی پارلیمنٹ نے حلف اٹھا لیا ہے، تاہم کسی بھی سیاسی اتحاد کو واضح اکثریت نہ ملنے کے باعث نئی حکومت کی تشکیل تا حال ممکن نہیں ہو سکی۔ انتخابی نتائج کے مطابق نگراں وزیر اعظم نیتن یاہو اپنا پارلیمانی اکثریتی اتحاد برقرار رکھنے میں ناکام رہے، جبکہ ان کے سیاسی مخالف اور سابق فوجی سربراہ گادی آئزن کوٹ بھی حکومت بنانے کے لیے مطلوبہ نشستیں حاصل نہیں کر سکے۔ تاہم صیہونی صدر اسحاق ہرزوگ نے گادی آئزن کوٹ کو نئی حکومت تشکیل دینے کی ذمہ داری سونپی ہے۔ ان کی جماعت اور اتحادی جماعتوں کے پاس 120 رکنی پارلیمنٹ میں 48 نشستیں ہیں اور انہیں عرب جماعتوں کی حمایت بھی حاصل ہے، جبکہ نیتن یاہو کے سیاسی اتحاد کو 53 نشستیں حاصل ہوئی ہیں۔ عرب جماعتوں نے پارلیمنٹ میں 19 نشستیں حاصل کی ہیں اور انہوں نے واضح طور پر آئزن کوٹ کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ صیہونی صدر اسحاق ہرزوگ نے پارلیمانی ارکان کو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتفاقِ رائے پیدا کرنے کی تلقین کی ہے تاکہ ملک کو دوبارہ انتخابات کی طرف جانے سے بچایا جا سکے۔ دوسری جانب نیتن یاہو نے قومی اتحادی حکومت بنانے کی تجویز پیش کرتے ہوئے ایران کے جوہری پروگرام کو اسرائیل کی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ نئی حلف برداری کے بعد نیتن یاہو کو کٹہرے میں لانے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے، اب دیکھتے ہیں نئی صیہونی حکومت یہ اقدام اٹھاتی ہے یا نہیں۔ نئی پارلیمنٹ کے افتتاحی اجلاس میں گادی آئزن کوٹ اور اتحادیوں نے کئی بل پیش کر دیے۔ اتحادی جماعتوں کا کہنا ہے کہ نیتن یاہو حکومت کے متنازع قوانین کو منسوخ کرنے کی تجاویز جمع کرائی ہیں۔ یہ قانون سازی نیتن یاہو نے اپنے تحفظ اور غیر قانونی اقدامات کی چھوٹ حاصل کرنے کے لیے کی تھی۔ ایک ترمیم کو بھی منسوخ کیا جا رہا ہے جس کے تحت کسی وزیر اعظم کو نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کسی فرد جرم پر پارلیمانی یا حکومتی عہدہ سنبھالنے سے روکنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ وزرائے اعظم کے لیے مدت کی حد مقرر کرنے کا بل بھی لایا گیا ہے۔

بہرحال اسرائیل کی منقسم سیاسی صورت حال میں حکومت بنانا آسان کام نہیں ہوگا۔ عرب قیادت والی جماعتوں کی ممکنہ حمایت، مذہبی اور دائیں بازو کی جماعتوں کے ساتھ اختلافات اور غزہ جنگ کے بعد پیدا ہونے والی سیاسی تقسیم آئزن کوٹ کے لیے بڑے چیلنجز ہیں۔ دوسری جانب نیتن یاہو بھی وسیع تر اتحادی حکومت بنانے کی کوشش میں ہیں۔

صیہونی فوج کی ریز رو فورس کے جنرل اسحاق بریک نے کہا ہے کہ کسی بھی کمیٹی میں یہ کھلی، واضح، حتمی اور ہولناک حقیقت اسرائیلیوں کو بتانے کی جرات نہیں ہے کہ الیکشن کا نتیجہ اس اسرائیل کی موت کی گواہی ہے جس کو ہم پہچانتے تھے۔ اس نے کہا ہے کہ اسرائیل صرف سیاسی بحران سے دوچار نہیں ہے بلکہ اس کا شیرازہ بکھر رہا ہے۔ اسحاق بریک نے کہا ہے کہ ہم جس ہولناک صورتحال سے دوچار ہیں، اسرائیلیوں کی اکثریت نہ اس کو سمجھنا چاہتی ہے اور نہ ہی سمجھنے کی اس میں صلاحیت ہے۔ اس صیہونی جنرل کا کہنا ہے کہ جو المیہ رونما ہو رہا ہے، جو وار لگے ہیں اور مختلف طریقوں سے جو شیرازہ بکھر رہا ہے، اس کو اسرائیلیوں کی اکثریت ایک معمولی خراش سمجھتی ہے۔

نیتن یاہو نے 7 اکتوبر 2023ء • طوفان الاقصیٰ • آپریشن کی تحقیقات کے حوالے سے ریاستی کمیشن قائم نہیں ہونے دیا تھا۔ آزادانہ انکوائری شروع کرنے کا مطالبہ ان بلوں میں شامل ہے جو نئی پارلیمنٹ میں پیش کیے گئے ہیں۔ گذشتہ تین سال میں غزہ اور مغربی کنارہ کے نہتے، معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں پر مظالم کی انتہا کرنے والے اس شخص کی گردن کے گرد پھندا بھی سخت ہونے لگا ہے۔ اگر گادی آئزن کوٹ مخلوط حکومت بنانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو ان کے اتحاد کے اعلانات کے مطابق اہم ترجیحات یہ ہوں گی:

نیتن یاہو کی پالیسیوں کا خاتمہ: NBC News کی 11 نومبر 2026 کی رپورٹ کے مطابق، آئزن کوٹ نے نئی پارلیمان کی حلف برداری کے موقع پر نیتن یاہو حکومت کی کئی پالیسیوں کو واپس لینے اور تبدیل کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

17 اکتوبر کے واقعات کی تحقیقات: اپوزیشن جماعت ڈیموکریٹس کے سربراہ یائیر گولان نے 10 نومبر 2026 کو کہا کہ نئی حکومت کا پہلا فیصلہ 17 اکتوبر کی سکیورٹی اور عسکری ناکامی کی تحقیقات کے لیے ایک سرکاری کمیٹی قائم کرنا ہوگا۔

قومی ہنگامی حکومت اور داخلی استحکام: آواز دی وائس کے مطابق، آئزن کوٹ نے ملک کو درپیش سکیورٹی، سفارتی اور داخلی بحرانوں سے نمٹنے کے لیے ایک وسیع قومی ہنگامی حکومت بنانے اور عالمی تنہائی ختم کرنے کی بات بھی کی ہے۔

فوجی بھرتی اور عوامی خدمات: اپوزیشن اتحاد میں شامل رہنماؤں، بشمول بینی گینٹز نے انتخابی مہم کے دوران تمام شہریوں (بشمول قدامت پسند یہودیوں) کے لیے فوجی خدمات کی لازمی شمولیت اور مہنگائی پر قابو پانے کو اہم ترجیح قرار دیا ہے۔

علاقائی اور سکیورٹی پالیسیاں: اسرائیلی سیاسی دھڑوں کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کسی کی بھی بنے، بنیادی علاقائی و سکیورٹی اہداف میں سخت گیر موقف برقرار رہنے کا امکان ہے:

ایران اور مزاحمتی تنظیموں کے خلاف موقف: اپوزیشن اتحاد کے اہم رکن بینی گینٹز نے واضح کیا ہے کہ ایران کو کسی صورت جوہری پروگرام بحال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور حماس و حزب اللہ کو عسکری صلاحیتیں دوبارہ حاصل کرنے سے روکا جائے گا۔ دوسری جانب نگراں وزیر اعظم نیتن یاہو نے 10 نومبر 2026 کو ایرانی حکومت کے خاتمے کے لیے کام کرنے اور قومی اتحاد قائم کرنے پر زور دیا ہے۔

انتخابات میں عرب جماعتوں نے ریکارڈ 19 نشستیں حاصل کی ہیں۔ عرب جماعتوں کا مطالبہ اسرائیل کے عرب شہریوں کے لیے مساوی شہری و قومی حقوق کا حصول ہے۔ تاہم آئزن کوٹ کے اتحاد کی بعض جماعتوں نے عرب جماعتوں کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کی مخالفت کی ہے، جبکہ نیتن یاہو نے ممکنہ اپوزیشن حکومت کو ملکی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ چونکہ آئزن کوٹ کے اتحاد کے پاس 48 اور نیتن یاہو کے بلاک کے پاس 53 نشستیں ہیں، اس لیے حکومت سازی کا عمل پیچیدہ ہے۔ اگر آئزن کوٹ مقررہ مدت (28 دن اور ممکنہ 14 دن کی توسیع) میں 61 ارکان کی حمایت حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو صدر نیتن یاہو کو حکومت بنانے کی دعوت دے سکتے ہیں، اور مزید تعطل کی صورت میں 2027ء کے اوائل میں دوبارہ انتخابات بھی ہو سکتے ہیں۔ صیہونی ریاست میں ہونے والے حالیہ انتخابات کے بعد حکومت سازی کی کشمکش اور سیاسی جوڑ توڑ جاری ہے، جس میں مختلف فریقین کے عزائم و موقف درج ذیل ہیں: نیتن یاہو اور دائیں بازو کے حامی: نیتن یاہو کی جماعت لیکوڈ اور دائیں بازو کی قوم پرست جماعتوں کا اصرار ہے کہ عوام نے ایک مضبوط قومی اور دائیں بازو کی حکومت کے حق میں فیصلہ دیا ہے۔ ان کا ہدف ایک مستحکم حکومت تشکیل دینا، سلامتی کے معاملات کو سخت رکھنا اور مخالفین پر قابو پانا ہے۔ دوسری طرف نیتن یاہو نے ممکنہ اپوزیشن کی جانب سے عرب اور اسلام پسند جماعتوں کی حمایت سے حکومت بنانے کی کوششوں کو سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ اپوزیشن جماعتیں: یائیر گولان اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں نے نئی ممکنہ حکومتی یا سیاسی چالوں کے عزائم پر شدید تنقید کی ہے اور انتباہ جاری کیا ہے۔ اپوزیشن کی کوشش ہے کہ عرب اور دیگر ہم خیال جماعتوں کو ساتھ ملا کر حکومت سازی کی جائے یا موجودہ حکومتی ہندسیات کو چیلنج کیا جائے۔ الزامات اور تحقیقات: انتخابات کے نتائج کے بعد سیاسی کشیدگی عروج پر ہے؛ اپوزیشن اور عرب جماعتوں نے نیتن یاہو پر نتائج متنازع بنانے کا الزام لگایا ہے، جبکہ لیکوڈ کا الزام ہے کہ عرب جماعتوں نے ووٹ خریدے یا بیرونی مداخلت ہوئی، جس کی تحقیقات داخلی سکیورٹی ادارے 'شن بیت' کے ذریعے کی جا رہی ہیں۔ فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق نیتن یاہو ٹرمپ سے روزانہ رابطہ کر کے ایران کے خلاف فوجی حملے دوبارہ شروع کرنے پر زور دیتے رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عرب اور مسلم ممالک کے رہنما نیتن یاہو کی ان کوششوں پر تشویش رکھتے ہیں اور ٹرمپ پر زور دے رہے ہیں کہ وہ فوجی کارروائی کے بجائے سفارتی حل کو ترجیح دیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس حوالے سے کہا تھا کہ سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، بحرین اور کویت سمیت خلیجی اتحادی ایران کے خلاف نئی فوجی کارروائی کے سخت مخالف ہیں۔ انہوں نے تنازع کے حل کی جانب مثبت پیش رفت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ امریکا کی جانب سے دوبارہ بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کا امکان کم دکھائی دیتا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھی اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن کو فی الحال بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ ان کے مطابق ایران کے خلاف اقتصادی پابندیاں اپنا مقصد پورا کر رہی ہیں۔ ترکیہ کے شہر انطالیہ میں موسمیاتی تغیرات پر اقوام متحدہ کے کوپ۔31 اجلاس میں دنیا کے 196 ملکوں کے لیڈران شریک ہوئے جن میں 71 ملکوں کے صدور اور وزرائے اعظم شامل ہیں۔ ایرانی صدر جناب مسعود پزشکیان نے اجلاس سے اپنے خطاب میں اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف امریکا اور صیہونی حکومت کی فوجی جارحیتوں اور ایران پر مسلط کردہ اس جنگ میں ایران اور علاقے کے ماحولیات کے خلاف انجام دیے گئے جارحانہ اور وحشیانہ اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کرتے ہوئے علاقائی ماحولیات کو خطرے میں ڈالنے پر امریکہ و اسرائیل کو کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور صیہونی حکومت نے اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف اپنی غیر قانونی فوجی جارحیت میں جو وحشیانہ اور گھناؤنے جرائم کئے ہیں، ان کا نتیجہ انہیں انتخابات میں مل گیا ہے۔ ایرانی صدر نے مزید کہا کہ صرف صیہونی حکومت اور امریکا کے انتخابات میں ہی نہیں بلکہ یورپ میں بھی جو انتخابات ہوئے ہیں، ان میں بھی ثابت ہو گیا کہ ان کے عوام اپنی قیادت کے جنگ پسندانہ نظریات کے خلاف ہیں۔ فلسطینیوں کو اپنی سرزمین سے بے دخل کر کے بھاری اکثریت کے ساتھ ایک یہودی ریاست قائم کرنے کا خیال بہت پرانا ہے لیکن تمام تر کوششوں، سازشوں اور جنگوں کے باوجود اسرائیل اور اس کے سب سے بڑے حمایتی امریکا کو منہ کی کھانا پڑی، کیونکہ دنیا میں کسی بھی ملک نے اس کی حمایت نہیں کی حتیٰ کہ جرمنی اور فرانس نے بھی اس تجویز کو ناقابلِ عمل اور ایک خطرناک مثال قرار دے کر مسترد کر دیا۔

رانا ثناء اللہ کی ناجائز تجاوزات

تحریر: عبداللہ طارق سہیل

عدالت نے اسلام آباد میں قتل ہونے والی گھریلو ملازمہ فاطمہ اصغر کے کیس میں مزید دفعات لگانے کا حکم دیا ہے۔ خبر کے مطابق گھر سے بہت سی ویڈیوز ملی ہیں جن میں دکھایا گیا کہ بچی کو بار بار ڈنڈوں اور الیکٹرانک راڈ سے مارا جاتا تھا۔ ایک وڈیو میں وہ سخت مار کھانے کے بعد کمرے سے باہر نکلی تو اسے دوبارہ اندر کھینچ لیا گیا اور پھر مارا گیا۔ ایک اور وڈیو میں وہ بہت کربناک اور دردناک آواز میں فریاد کرتی دکھائی دیتی ہے کہ بس کرو، معاف کر دو، اور نہ مارو لیکن اسے بدستور مارا جاتا رہا۔

خبر میں ہے کہ ملزمہ افشاں نے بچی کو مارنے کیلئے تین ڈنڈے خصوصی طور پر بنوائے تھے۔ خبر میں یہ بھی ہے کہ مقتولہ کی عمر تیرہ سال نہیں، بارہ سال سے بھی کچھ کم تھی اور تین سال سے اذیت رسانی کا شکار تھی۔ یعنی 9 سال کی عمر سے ہی وہ دوزخ کا عذاب بھگت رہی تھی!

ملزمہ کا شوہر طاقتور پولیس افسر ہے اور اصل حیرت ناک خبر یہ ہے کہ اس کے قتل کی ایف آئی آر میں ملزم کے خانے میں نامعلوم کا لفظ درج ہے۔ یعنی ملزمہ کو ابھی سے صاف بچا لیا گیا ہے۔ وڈیوز میں ملزمہ صاف نظر آتی ہے۔ اس کے گھر سے بچی کی لاش ملی، جن ڈنڈوں سے پیٹا جاتا تھا، وہ بھی گھر سے ملے اور پولیس کہتی ہے کہ قاتل نامعلوم ہے۔

پاکستان کے لحاظ سے یہ خبر معمول کی ہے۔ یہاں قاتل بالعموم اور بااثر قاتل بالخصوص صاف بچا لئے جاتے ہیں۔

اس قتل میں بچی کے باپ کو بھی شامل سمجھنا چاہئے۔ وہ تین سال سے اس گھر میں تشدد کا شکار تھی۔ باپ ایک بار بھی اس سے ملنے نہیں آیا۔ ملتا تو کیا، کبھی فون بھی نہیں کیا۔ فون کرتا تو بچی بتا دیتی کہ یہاں اس کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ اب وہ قتل کا مدعی بنا ہے تو محض ”لاٹری“ کے انتظار میں۔ ظاہر ہے، صلح صفائی کے بعد وہ ملزمہ کو معاف کرنے کا اعلان کرے گا، ایف آئی آر واپس لے لے گا اور معاوضے میں لاکھ دو لاکھ کما لے گا۔ بس اس کی اس کیس میں دلچسپی اتنی ہی ہے۔

پاکستان میں ہر طرح کا تشدد پھیل رہا ہے۔ گھریلو تشدد کی لعنت ازل سے ہے اور دنیا بھر میں ہے لیکن پاکستان میں زیادہ ہے، کل دو وڈیو کلپ دیکھے، ایک لاہور کے اقبال پارک کا تھا۔ ایک ”شیر مرد“ بھرے پارک میں اپنی بیوی کو ٹھڈوں لاتوں جوتوں اور تھپڑوں سے پیٹ رہا تھا۔ ایک آدمی نے مداخلت کی، قریب آ کر پوچھا کیوں مار رہے ہو، خوشی ہوئی کہ ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جہاں میں۔ مارنے والے نے جواب دیا جو ریکارڈنگ کی خرابی کی وجہ سے سمجھ میں نہیں آیا۔ جواب سن کر اس شخص نے کہا کہ یہاں کیوں مار رہے ہو، گھر لے جا کر مارو۔

یعنی جسے نجات دہندہ سمجھے تھے، وہ بھی گھریلو تشدد کا علمبردار نکلا۔ اس کا اعتراض شاید ”ستھرا پنجاب“ کی رعایت سے، سرعام مارنے پر تھا۔

دوسری وڈیو کے پی کی تھی۔ گھر کے اندر بڑے سے ہال نما کمرے میں ایک عورت گری ہوئی ہے۔ ایک باریش اسے بری طرح ڈنڈوں، لاتوں اور جوتوں سے مار رہا ہے۔ تین چھوٹے بچے جن کی عمریں تین سال سے پانچ سال تک کی ہوں گی، باپ کے قدموں میں بار بار گرے پڑتے تھے کہ ماں کو مت مارو۔ جھگڑا یہ تھا کہ کھانا دیر سے کیوں پکایا۔ ایک اور عورت پاس کھڑی تماشا دیکھ رہی تھی۔ شیر مرد کی بہن یا ماں ہوگی۔

وزیر مملکت رانا ثناء اللہ نے محسن نقوی کے بیان کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نئے صوبوں کا معاملہ مس ہینڈل کر دیا ہے۔ اب یہ معاملہ متنازعہ ہو گیا اور پارلیمنٹ ہی میں حل ہوگا۔

CamScanner

بقیہ اُستمان 01

میں شامل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ این سی سی آئی اے کو ایک مؤثر، فعال اور جدید ادارہ بنانے کے لیے تنظیم نو کا عمل تیز کیا جائے۔ وزیراعظم نے نیشنل سائبر کرائم ایجنسی اور اس کے تمام ذیلی دفاتر میں آئی ٹی اور اے آئی کے شعبے سے وابستہ ماہرین کو تعینات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ این سی سی آئی اے میں میرٹ کی بنیاد پر بہترین افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس ادارے کی تنظیم نو میں اے آئی اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر توجہ مرکوز کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سائبر کرائم کے زیر التوا مقدمات کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ اُستمان 02

صلاحیتوں کے اظہار اور روزگار و کاروبار کے نئے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ڈیجیٹل بلوچستان ایکسپو 2026 کی تاریخ کے اعلان کے حوالے سے بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے ایکسپو کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کے لیے یہ دن خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو اسے اس حقیقت کا مکمل ادراک تھا کہ دنیا تیزی سے ڈیجیٹلائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے دور میں داخل ہو رہی ہے، تاہم بلوچستان میں اب بھی روایتی طریقہ کار کے ذریعے امور حکومت چلائے جا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زیر زمین معدنی وسائل کے ساتھ ساتھ صوبے کا سب سے بڑا سرمایہ یہاں کے باصلاحیت نوجوان ہیں، جن کی ذہنی صلاحیتوں، تخلیقی سوچ اور ہنر کو مزید نکھارنے اور عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسی سوچ کے تحت حکومت بلوچستان پہلی مرتبہ ڈیجیٹل بلوچستان ایکسپو منعقد کرنے جا رہی ہے، جو صوبے کے نوجوانوں کو اپنی ڈیجیٹل مہارتیں پیش کرنے اور آگے بڑھنے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔

بقیہ اُستمان 03

ریفرنڈم، آئینی ترمیم یا نئے صوبے بنانا چاہتا ہے تو وہ نہیں بنیں گے اور ان سے آرڈر کے ذریعے کوئی آئینی ترمیم نہیں کرائی جاسکتی، ری سیٹ پاکستان صرف 1973 کے آئین کے تحت ہی ہوسکتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے خبردار کیا کہ موجودہ حالات میں انارکی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم ایسے کسی اقدام کے ساتھ کھڑے نہیں ہوں گے، فی الحال کچھ باتیں ادھوری چھوڑ رہا ہوں اور جلد ہی ملتان میں میٹ دی پریس کر کے مزید تفصیلات سامنے لاؤں گا۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ آئین میں نئے صوبے بنانے کا باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، سرائیکی صوبے کے قیام کے لیے کئی سالوں تک پارلیمانی جدوجہد کی گئی اور اس کی حمایت کے پیچھے ٹھوس آئینی منطق موجود ہے، سرائیکی صوبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی سے مشترکہ طور پر منظور ہو چکی ہے اور اس کے لیے مکمل طور پر آئینی راستہ اپنایا گیا ہے، دوسری جانب سندھ اسمبلی اور عوامی نمائندوں نے سندھ کی تقسیم کو مسترد کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 04

ہیں۔ قبل ازیں خلائی مشن شینزو 24 چین کے 2 اور ایک پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی کو لیکر روانہ ہوا تھا، یہ پاک چین دوستی کی تاریخ کا ایک سنہرا اور تاریخی دن ہے، پاکستان کے پہلے خلا باز محمد ذیشان نے تاریخ رقم کر دی۔ پاکستانی وقت کے مطابق 5 بجکر 18 منٹ پر خلائی مشن روانہ ہوا، چینی خلا باز ٹانگ ہونگبو، ووبی اور پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی خلائی مشن انجام دیں گے، خلائی مشن ایک ہفتہ خلا میں قیام کے بعد زمین پر واپس آئیگا۔ خلائی مشن شینزو 24 پرروانگی سے قبل خلا بازوں کی الوداعی تقریب ہوئی، وفاقی وزیر احسن اقبال نے تقریب میں شرکت کی، تقریب میں پاکستانی پرچم لہرائے گئے، پاکستانی اور چائینیز خلا بازوں نے شرکا کو ہاتھ ہلا کر الوداع کہا، تینوں خلا باز گاڑیوں میں بیٹھ کر خصوصی پروٹوکول میں خلائی مرکز پہنچے۔ خلائی مشن شینزو 24 کی خلا میں روانگی کے حوالے سے سپارکو ہیڈ کوارٹر اسلام آباد اور کراچی میں شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، سپارکو کراچی میں بڑی سکرین کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں سپارکو افسران اور سٹاف کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پہلے خلائی مشن میں پاکستان کی تاریخی شرکت پر قوم کو مبارکباد دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ ملک کے سائنسی سفر میں اہم سنگ میل اور باعث فخر لمحہ ہے، مشن سائنس، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا عکاس ہے، خلائی تحقیق زمین پر درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

بقیہ اُستمان 05

محسن نقوی نے جس طریقے سے صوبوں کے معاملے کو ہینڈل کیا اس حوالے سے پارٹی میں بے چینی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انھوں نے کہا کہ مشکل وقت یا آزمائش کی گھڑی ہو تو ساتھی کو احساس ہونا چاہیے کہ دوست اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ میں پرانی بات کر رہا ہوں اس وقت تو نہ کوئی مشکل ہے نہ آزمائش کی گھڑی ہے، پچیس، چھبیس سال پہلے جو رانا ثناء اللہ کے ساتھ کیا گیا اور جو قید انھوں نے پی ٹی آئی دور میں بھگتی ہے۔ اس وقت کوئی بھی رانا ثنا اللہ کی جگہ ہوتا تو گھٹنے ٹیک دیتا، اس لیے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انھوں نے کہا کہ نواز شریف اس طرح کے معاملات میں شامل نہیں ہوتے، ہم سیاسی کارکن ہیں ہم سے غلطیاں ہوتی ہیں لیکن ہم اول اور آخر سیاسی ورکرز ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہم جو بات کرتے ہیں اس کے پیچھے ہر قسم کے رسک کا سامنا کرتے ہیں، ہم سے غلطی ہو تو قیمت ادا کرتے ہیں اچھی بات ہو تو لوگ سر پر ہاتھ رکھتے ہیں دعا بھی دیتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اگر آپ طاقتور کے قریب ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کو روند کر نکل جائیں، دھمکی نہیں دینی چاہیے یہ سیاسی زبان نہیں، دھمکی والی بات درست نہیں۔

بقیہ اُستمان 06

ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے دس روز قبل تینوں چیف جسٹس صاحبان کو خط لکھ کر انصاف کی اپیل کی تھی مگر اب تک اس خط پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی، درخواست کو دس روز گزر جانے کے باوجود کیسز کی تفصیل تک نہیں منگوائی گئی، عمران خان کے نمائندے کی حیثیت سے میں نے چیف جسٹس صاحبان سے اپیل کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بہت مظالم ہو چکے، اب ملاقاتیں بحال کرائی جائیں، میرا سب سے ایک ہی سوال ہے کہ علیمہ بی بی کیوں جیل میں ہیں؟ بس کریں اب بند دروازے کھولیں اور بانی پی ٹی آئی کی درخواست ہے کہ ان کے کیسز کی لائیو اسٹریمنگ ہونی چاہیے، ہم نے ایک بار پھر تینوں چیف جسٹس صاحبان سے مدبانہ گزارش کی ہے کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف دیا جائے۔ اس موقع پر قومی حکومت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اگر قومی حکومت بنتی ہے تو دیکھیں گے کہ وہ کیا صورت اختیار کرتی ہے، تاہم قومی حکومت بیوروکریٹک اور ٹیکنوکریٹک حکومت ہوتی ہے

بقیہ اُستمان 07

ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیا باجوہ نے ریمارکس دیئے کہ اگر نظر بندی ہوئی ہے تو معاملہ گھمبیر نوعیت کا ہے۔ ریمارکس میں عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ جس نے بھی غیر قانونی اقدام کیا اس کو خمیازہ بھگتنا ہوگا اور اگر مولانا فضل الرحمان کو نظر بند کیا گیا ہے تو اس کی وجوہات دینی ہوں گی، ان ریمارکس کے ساتھ ہی لاہور ہائی کورٹ نے اس معاملے پر سی سی پی او لاہور کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے جواب طلب کر لیا اور مزید کارروائی کل تک کے لیے ملتوی کر دی۔ یہ عدالتی پیشرفت ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب لاہور میں پیراگون سوسائٹی میں مولانا فضل الرحمان کی قیام گاہ کے باہر پولیس نفری تعینات کر دی گئی اور ان کی نقل و حرکت کو محدود کیا گیا

بقیہ اُستمان 08

مینجمنٹ سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں توانائی کے شعبے کے قرضوں کے انتظام، مالیاتی معاملات اور ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں پاور سیکٹر کے قرضوں سے نمٹنے کے لیے قابل عمل مالی اور ساختی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ کمرشل بینکوں کے ذریعے توانائی کے شعبے کے قرضوں کی مالی معاونت کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ پاور سیکٹر کے قرضوں میں کمی کے لیے عالمی سطح پر اختیار کیے جانے والے بہترین طریقہ کار کا جائزہ لینے سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ اجلاس میں بجلی کی ترسیل کے نظام کو بہتر بنانے اور لائن لاسز کے مؤثر انتظام سے متعلق معاملات پر بھی گفتگو کی گئی۔ شرکاء نے قرضوں کے بہتر انتظام، مالیاتی نظم و ضبط اور اصلاحاتی اقدامات کو مربوط انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ اُستمان 09

فنکار اور دیگر سلیبریٹیز مالدیپ جائیں گے۔ محمد امین نے کہا کہ پاکستانی سلیبریٹیز مالدیپ میں بے حد مقبول ہیں اور ان کی آمد سے سیاحت کو مزید فروغ ملے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ براہ راست پروازوں کے آغاز سے پاکستانی شہریوں کے لیے مالدیپ کا سفر مزید آسان ہو جائے گا، پاکستانی شہری سیاحت میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور براہ راست پروازوں سے مالدیپ میں پاکستانی سیاحوں کی آمد میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ کھیلوں کے شعبے میں تعاون پر بات کرتے ہوئے محسن نقوی نے آگاہ کیا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) مالدیپ میں کرکٹ اسٹیڈیم کے قیام کے مجوزہ منصوبے پر کام کر رہا ہے، اسٹیڈیم کے ساتھ کرکٹ اکیڈمی بھی قائم کی جائے گی

بقیہ اُستمان 10

پاسبان، اخلاقی تربیت کے سرچشمے، اتحاد و اخوت کے علمبردار اور معاشرے میں امن و رواداری کے فروغ کے مثر ادارے ہیں۔ ایک محلہ بھی مولوی، امام اور دینی رہنمائی کے بغیر اپنے مذہبی و معاشرتی معاملات بخوبی نہیں چلا سکتا، مگر افسوس کہ آج انہی اداروں اور ان سے وابستہ طبقے کو منظم پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور مذموم کردار کشی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ مدارس کو بدنام کرنے اور ان کے خلاف شکوک و شبہات کی فضا پیدا کرنے والے عناصر بھی اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ دینی مدارس کسی بیرونی یا خفیہ ایجنڈے کے آلہ کار نہیں بلکہ قرآن و سنت کی تعلیم، اسلامی شعائر کی حفاظت اور نسل نو کی دینی و اخلاقی تربیت میں مصروف عمل ہیں؛ تاہم بعض عناصر اپنے مخصوص مفادات اور دوسروں کے ایجنڈوں کی تکمیل کے لیے مدارس کے روشن کردار پر بدنیتی کے پردے ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 11

انہیں یقین دلایا کہ عوامی مشکلات کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک نے اس موقع پر مبارکباد دینے اور اپنی محبت و اعتماد کا اظہار کرنے پر علاقائی عمائدین اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی محبت، اعتماد اور دعائیں ان کے لیے سب سے بڑا سرمایہ ہیں۔ دوبارہ وزارت کی ذمہ داری ملنا ان کے لیے اعزاز کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے، جسے وہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت پورا کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے اور عوام کے مسائل کا حل ہمیشہ ان کی اولین ترجیح رہا ہے۔

بقیہ اُستمان 12

نہ ہی کوئی فیس وصول کی جاتی ہے۔ سروے صرف بی آئی ایس پی کے دفاتر میں قائم ڈائنامک رجسٹریشن سینٹرز (DRCs) میں ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ سروے مکمل ہونے کے بعد دو سال سے پہلے دوبارہ سروے نہیں کروایا جاسکتا، لہٰذا خواتین بار بار دفاتر آنے سے گریز کریں۔ چیئرپرسن نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کی روشنی میں بی آئی ایس پی مستحق خواتین تک ادائیگیوں کی محفوظ اور شفاف ترسیل کے لیے جدید ڈیجیٹل والٹ اور انٹرآپریبلٹی (Interoperability) کا نظام متعارف کروا دیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 13

کرنے والوں سمیت مختلف خوشنما نعروں کے ذریعے عوام کو سبز باغ دکھانے والوں کو آزمانے کے بعد اب عوام کی امیدیں صرف جماعت اسلامی سے وابستہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جلسہ عام کے جائزے کے حوالے سے منعقدہ ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امرا زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، مولانا عارف دمڑ، مولانا حافظ نور علی سمیت دیگر صوبائی و ضلعی ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ذمہ داران نے جلسہ عام میں عوامی شرکت، انتظامی و تنظیمی امور اور مجموعی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے تاریخی جلسہ عام نے جماعت اسلامی کی عوامی مقبولیت اور کارکنان کی تنظیمی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ جلسے میں عوام، نوجوانوں اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کے عوام امن، حقوق، روزگار اور بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے پرامن جمہوری جدوجہد کے خواہاں ہیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، بدامنی کے خاتمے، مہنگائی اور بے روزگاری کے خلاف اور عوام کے آئینی و جمہوری حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد مزید تیز کرے گی۔ جلسہ عام کے بعد عوامی رابطہ مہم کو بھی مزید وسعت دی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 14

اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز کے مطابق اجلاس کی میزبانی ایئر وائس مارشل (ر) خاور حسین نے کی۔ انہوں نے اگست 2021ء میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان کی توقعات اور بعد ازاں دونوں ممالک کے تعلقات میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے درمیان فرق کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بالخصوص تحریک طالبان پاکستان (TTP) سے لاحق سیکورٹی خطرات کا ذکر کرتے ہوئے افغانستان کے حوالے سے سفارتی، سیکورٹی اور علاقائی پالیسی ردعمل کو وسیع تر تزویراتی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کی کلیدی مقررہ، انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (ISSI) میں سینٹر فار افغانستان، مڈل ایسٹ اینڈ افریقہ (CAMEA) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر آمنہ خان نے افغانستان کی داخلی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال اور علاقائی تعلقات کا جائزہ پیش کیا۔

بقیہ اُستمان 15

یمن کے ساحلی شہر حدیدہ میں دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ اس سے قبل سعودی اتحادی فوج کی جانب سے علاقے کے لئے انخلا کی وارننگ بھی جاری کی گئی تھی۔ اس سے قبل ریاض کے فنانشل ڈسٹرکٹ میں ایک ٹاور پر حوثیوں کے دہشت گردانہ حملے میں 11 افراد زخمی ہوئے تھے، زخمیوں میں 2 سعودی، 2 بھارتی، 3 نیپالی اور 4 مصری شہری شامل ہیں۔ ادھر بھارت کی وزارت خارجہ نے ریاض میں واقع ایک ٹاور پر حوثیوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زخمی ہونے والوں میں دو انڈین شہری بھی شامل ہیں۔

بقیہ اُستمان 16

انصاف کی اپیل کی تھی، مگر اب تک اس خط پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میں ایک بار پھر تینوں چیف جسٹس صاحبان سے مدبانہ گزارش کرتا ہوں کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو بلا تاخیر انصاف دیں۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل بانی پی ٹی آئی عمران خان نے چیف جسٹس آف پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کو خط لکھا تھا۔

بقیہ اُستمان 17

کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں لطیف کھوسہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی صحت اور رہائشی سہولیات پر رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کیلئے ڈاکٹروں کا میڈیکل بورڈ جیل لے جایا گیا، طبی معائنہ بھی کروایا گیا، بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے اور علاج سے متعلق رپورٹس ہمیں بھی دی جائیں۔ پی ٹی آئی کے وکیل رہنما نے مزید کہا کہ اپنے معالجین کی مشاورت سے طبی رپورٹس کا جائزہ لے کر کمی کوتاہی کی نشاندہی کریں گے۔

بقیہ اُستمان 18

پاکستان کی بھرپور نمائندگی کرنے پر وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے ملاقات کی جس میں انہوں نے وزیراعظم کو اپنے حالیہ دورہ بھارت اور ایس سی او تہذیبی مکالمے میں ہونے والی گفتگو سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ایس سی او اجلاس میں ڈاکٹر مصدق ملک کے انداز بیاں اور اردو زبان کے استعمال کی تعریف کی۔

بقیہ اُستمان 19

کو تبدیل کرنے کیلئے ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے، سوئی ناردرن نے میٹرز کی ریڈنگ سٹاپ ہونے سمیت دیگر وجوہات پر تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ خراب ہونیوالے میٹرز کے حامل صارفین کو اوسط بلز چارج ہوں گے، ریڈنگ شاپ ہونے پر استعمال کے مطابق گیس کے بلز چارج ہوں گے۔ سوئی ناردرن گیس کمپنی اترے والے میٹرز کو لیبارٹری بھجوائے گی اور لیبارٹری رپورٹ کی روشنی میں بلز چارج کئے جاسکیں گے، تاہم ٹیمپرنگ رپورٹ ہونے پر مقدمہ درج کروا کر ڈی ٹیکشن بل چارج ہوگا۔

بقیہ اُستمان 20

مار گرایا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق بحریہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے بتایا ہے کہ یہ واقعہ بدھ کی صبح پیش آیا، جب دونوں ٹینکر آبنائے ہرمز کے جنوبی اور مشرقی ساحلی علاقوں کے قریب مبینہ طور پر سمندری بارودی سرنگ سے ٹکرائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں جہاز اپنے نیویگیشن اور شناختی نظام بند کر کے آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔

بقیہ اُستمان 21

پہلے خلا باز محمد ذیشان علی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدود سے نکل کر خلا تک پہنچ گئی ہے۔ ذیشان علی کی کامیابی پاکستانی قوم خصوصا نوجوان نسل کے لئے فخر اور حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ذیشان علی کی خلائی کامیابی پاکستان کے لئے باعث فخر اور تاریخی اعزاز ہے۔ پاکستانی نوجوان نے چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن تک رسائی حاصل کر کے تاریخ رقم کر دی۔

بقیہ اُستمان 22

ایڈیشنل ڈائریکٹر شہزاد اکبر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ایک گینگ پکڑا ہے جس میں 15 کروڑ روپے برآمد کیے، یہ رقم چرچ کے احاطے میں موجود ایک گاڑی سے قبضے میں لی گئی، ایک اعشاریہ دو ارب روپے کے شواہد ان کے اکاؤنٹ سے ملے ہیں، یہ یومیہ 20 لاکھ روپے خرچ کرتے تھے۔

بقیہ اُستمان 23

بند کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان کی نظر بندی پر جماعت اسلامی کی جانب سے شدید ردعمل دیتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت اور مقتدر طبقات عاقبت نااندیشی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہائبرڈ نظام ہر محاذ پر عوام سے لڑ رہا ہے۔ لیاقت بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ ایسے اقدامات سے حکمران اپنے خلاف نفرتوں کے پہاڑ کھڑے کر رہے ہیں، اپوزیشن کی آواز کو محدود کرنا خود حکمرانوں کے لیے مفید نہیں ہوگا۔

بقیہ اُستمان 24

شیڈول جاری کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق 9 اضلاع میں کرک، ہنگو، پھار پور، مانسہرہ، سوات، برسوات، اپر چترال، شانگلہ اور مالاکنڈ شامل ہیں، حلقہ بندیوں کے لیے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز نگرانی کریں گے۔ یکم سے 9 دسمبر تک حلقہ بندوں کا جائزہ لیا جائے گا، 10 دسمبر سے 9 جنوری دسمبر تک کمیٹیاں ویلج اور نیبر ہوڈ کونسل کی حلقہ بندیاں کو ترتیب دیں گے، 10 جنوری کو ویلج اور نیبر ہوڈ کونسل کے حلقہ بندیوں کی فہرست جاری کی جائے گی۔ 26 فروری کو اعتراضات کے بعد حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 25

خان کر رہے ہیں جبکہ پنجاب ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کی صدر اور رکن پنجاب اسمبلی آمنہ حسن شیخ بھی وفد میں شامل ہیں۔ وفد میں صوبائی اسمبلیوں کے اراکین سلطان باجوہ، اسامہ فضل، رانا شہریار، حیدر سلطان، قاسم ندیم، رکن قومی اسمبلی عثمان اویسی اور شائلہ رانا بھی شامل ہیں۔ 11 روزہ تربیتی پروگرام 3 دسمبر تک جاری رہے گا جس میں پاکستانی نوجوان رہنماؤں کو جدید طرز حکمرانی، چینی ترقیاتی ماڈل، معاشرتی نظام اور قدرتی آفات سے بچاؤ کے حوالے سے تربیت دی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 26

پورٹ سے افراد بیرون ملک گئے؟ ٹیم کشتی حادثے کا نشانہ بننے والے افراد کے لواحقین سے ملاقات کرے گی۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے کوائف، سفری دستاویزات پر حکام سے رابطہ کر لیا۔

بقیہ اُستمان 27

تاریخی اور باعث فخر موقع پر پاکستانی عوام کا کہنا ہے کہ پاکستانی خلا باز کی خلا میں روانگی سے پوری قوم کے سر فخر سے بلند ہو گئے۔ لوگوں نے کہا کہ خلا باز ذیشان علی کی کامیابی آنے والی نسلوں کے لئے بڑے خواب دیکھنے کا حوصلہ ہے، پاکستانی خلا باز کا یہ تاریخی مشن نوجوانوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ کا ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ خلائی مشن میں پاکستان کی نمائندگی پاک چین دوستی اور باہمی اعتماد کی علامت ہے۔

بقیہ اُستمان 28

کے دو پلوں اور ملوپا شیڈ کے افتتاح کے موقع پر عبدالعلیم خان نے کہا کہ گلگت بلتستان کی دشوار گزار شاہراہوں کو بہترین بنائیں گے۔ ملوپا میں شیڈ لگانے سے لینڈ سلائیڈنگ میں جانی نقصان کا خطرہ کم ہو جائے گا۔ اسکردو میں سیلاب کی وجہ سے تباہ ہونے والے باغیچہ پل کی تعمیر دوبارہ کی گئی۔ جگلوٹ سے سکردو تک شاہراہ پر سٹریٹ لائٹس لگائے جائیں گے۔ ملوپا، برندو نالہ اور دیگر لینڈ سلائیڈنگ ایریاز میں اپر شیڈز لگانے کا آغاز ہوگیا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے باغیچہ پل کا افتتاح کیا۔

بقیہ اُستمان 29

کے سبزہ زار میں میگنولیا گرینڈی فلورا کا پودا لگایا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور بنگلہ دیشی پارلیمانی وفد کے اراکین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پودا لگانے کے بعد پاکستان اور بنگلہ دیش کی ترقی، خوشحالی اور استحکام سمیت دونوں برادر اسلامی ممالک کے مابین دوستی اور تعاون کے فروغ کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ اُستمان 30

یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق ضلع کوہستانات میں افغان طالبان رجیم کے انٹیلی جنس اہلکار کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ افغان مسلح گروہ کا کہنا ہے کہ غور کے ضلع دولینہ میں محکمہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے سربراہ کو بھی ہلاک کر دیا ہے۔

بقیہ اُستمان 31

نے کہا کہ کیش لیس پاکستان قومی ترجیح ہے جس کی قیادت وزیراعظم محمد شہباز شریف کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جون 2025 سے اب تک ڈیجیٹل معیشت کی جانب منتقلی کے لیے اہم کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں جن سے ملک میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ اور مالیاتی خدمات تک رسائی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

بقیہ اُستمان 32

لیز سنڈنس، رکن پارلیمنٹ ہمانشو گلاٹی، سابق ارکان پارلیمنٹ خالد محمود اور لارس رائز سمیت دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ استقبالیے میں پاکستان اور ناروے کے دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون اور اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے موجودہ علاقائی اور عالمی چیلنجز کے تناظر میں کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ اُستمان 33

تعاون کریں گے۔ اس منصوبے کے تحت انسٹی ٹیوٹ کے قیام کیلئے 4 پاکستانی اور چینی تعلیمی اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔ مجوزہ انسٹی ٹیوٹ میں گوادر کے نوجوانوں کو بندرگاہ، جہاز رانی اور بحری صنعتوں سے متعلق جدید فنی تربیت دی جائے گی۔ 2026 سے 2030 تک 5 سالہ تعاون کے تحت نصاب سازی، مشترکہ تحقیق، اساتذہ کی تربیت اور عملی تعلیم پر کام ہوگا۔

بقیہ اُستمان 34

تھام کے حوالے سے کیے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ماہی گیروں کے لیے دو سو ایکڑ اراضی پر مشتمل ماہی گیر کالونی، فش لینڈنگ جیٹیز کی تعمیر و ترقی اور دیگر متعلقہ منصوبوں سمیت باہمی تعاون کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ اُستمان 35

کروڑ عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے ملک کے پہلے خلا باز ڈاکٹر ذیشان علی کی خلائی مشن پر روانگی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کی۔ ایک اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر نے شینزو-24 کے تینوں خلا بازوں کی باوقار الوداعی تقریب میں شرکت کی، جہاں صبح سویرے ہزاروں افراد اس تاریخی لمحے کا مشاہدہ کرنے کے لیے جمع تھے۔

بقیہ اُستمان 36

خدمات، طبی تعلیم اور تحقیق میں تعاون سمیت پاکستان اور کینیا کے درمیان صحت کے شعبے میں اشتراک بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک نے مستقبل میں مشترکہ منصوبوں پر کام کرنے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہوں گے، پاکستان اور کینیا کے درمیان تعاون سے صحت کی سہولیات کا معیار بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ کوششوں سے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، حکومت پاکستان صحت کے شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ آغا خان یونیورسٹی طبی تعلیم، تحقیق اور مریضوں کی دیکھ بھال کے شعبوں میں اہم خدمات انجام دے رہی ہے اور پاکستان سمیت مشرقی افریقہ میں صحت کی سہولیات کی بہتری میں کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 37

حائل ہے، لیکن شاہراہوں پر غیر ضروری رکاوٹیں، ٹرانسپورٹ کی مشکلات اور چیک پوسٹوں پر مبینہ مالی وصولیوں کے باعث عام شہریوں، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو طویل عرصے سے مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ ایسے اقدامات جن سے نقل و حرکت آسان ہو اور تجارت کو سہولت میسر آئے، صوبے میں معاشی بہتری کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ تاہم چیک پوسٹوں پر رقم وصول نہ کرنے اور گاڑیوں کو بلاوجہ روکنے سے اجتناب کی ہدایات پر بھی سختی سے عملدرآمد ہونا چاہیے۔

بقیہ اُستمان 38

عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت ہوئی، بشریٰ بی بی کی جانب سے 29 مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی موجودگی میں شامل تفتیش کیے جانے کی استدعا کی گئی، عدالت نے عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ بشریٰ بی بی کے وکیل محمد فیصل ملک پر مشتمل لیگل ٹیم عدالت میں پیش ہوئی، پراسیکیوشن ٹیم کمرہ عدالت میں موجود تھی۔ عدالت نے عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی کر دی جبکہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں 9 دسمبر تک توسیع کر دی۔ سماعت انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔

بقیہ اُستمان 39

عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تشدد کی روک تھام کے لئے آگاہی، تعلیم اور مردوں کے مثبت کردار کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، خواتین پر تشدد کے خاتمے سے متعلق قوانین پر موثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ کسی خاتون یا بچی کو تشدد کے خوف میں زندگی نہ گزارنی پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو قابل عزت مقام اور مرتبہ عطا کیا ہے، جبکہ آئین پاکستان بھی خواتین کے وقار، مساوات اور قومی زندگی میں ان کی بھرپور شرکت کی ضمانت دیتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جدید دور میں آن لائن تشدد کی روک تھام کیلئے بھی موثر حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں، خواتین کو کام کی جگہوں پر ہراسانی کا سامنا کرنے کے بجائے محفوظ ماحول اور تحفظ حاصل ہونا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ خواتین کو تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں مساوی مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں تاکہ وہ معاشرے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں، خواتین کے لئے محفوظ، باوقار اور مساوی ماحول کا قیام اجتماعی ذمہ داری ہے۔

بقیہ اُستمان 40

سنہرا اور تاریخی دن ہے، جس پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔ وزارت آئی ٹی سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پائلٹ محمد ذیشان علی چین کے باہمی تعاون سے خلائی مشن میں شامل ہونے والے پہلے پاکستانی بن گئے ہیں، جو ملک کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی سرپرستی میں ملک آج ہر شعبے میں بھرپور کامیابیاں سمیٹ رہا ہے۔ شزا فاطمہ خواجہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یہ تاریخی خلائی مشن پاکستانی سائنسی تحقیق کو خلا کی وسعتوں تک لے جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم پیش رفت سے نہ صرف ملکی سائنسدانوں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ خلائی ٹیکنالوجی کے ڈیزائن اور تیاری میں بھی پاکستان کے کردار کو غیر معمولی وسعت ملے گی۔

بقیہ اُستمان 41

سے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز طویل عرصے سے شاہراہوں پر غیر ضروری پابندیوں، گاڑیوں کو گھنٹوں روکنے، کانوائی کے انتظار اور مختلف مقامات پر مشکلات کا سامنا کرتے رہے ہیں، جس کے باعث مال برداری کے اخراجات میں اضافہ، کاروباری نقصان اور ڈرائیوروں سمیت ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد کی مشکلات بڑھتی رہی ہیں۔ ایسے حالات میں شاہراہوں پر معمول کی آمدورفت بحال کرنے کا فیصلہ قابل قدر ہے۔ تاہم اس فیصلے کے ثمرات اسی صورت میں سامنے آئیں گے جب متعلقہ حکام ان ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں، اشیائے ضروریہ کی ترسیل اور ہزاروں افراد کے روزگار سے براہ راست وابستہ ہے۔ شاہراہوں پر غیر ضروری رکاوٹوں کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز متاثر ہوتے ہیں بلکہ عام صارفین، تاجروں اور کاروباری طبقے کو بھی اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ شاہراہوں کو ٹرانسپورٹ کے لیے کھلا رکھنے کے فیصلے کو محض اعلان تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ تمام چیک پوسٹوں پر اس کی پابندی یقینی بنائی جائے، گاڑیوں کو بلاوجہ روکنے، پریشان کرنے اور کسی بھی غیر قانونی وصولی کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ اُستمان 42

پر امدادی رقوم سے مبینہ طور پر غیر قانونی کٹوتیاں کرنے کی شکایات سامنے آئی ہیں، جس کے باعث پہلے سے معاشی مشکلات کا شکار خواتین اپنی مکمل امدادی رقم حاصل کرنے سے محروم ہونے کا خدشہ ظاہر کر رہی ہیں ذرائع کے مطابق دونوں علاقوں میں امدادی رقوم کی وصولی کا نظام بھی مختلف مسائل سے دوچار ہے، جبکہ رقم کے حصول کے لیے آنے والی خواتین کو مبینہ کٹوتیوں، انتظار اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ اُستمان 43

ترقیاتی وژن کے مطابق ماہی گیروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ساحلی آبادی کی فلاح و بہبود کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ اُستمان 44

تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کی تعلیمی حوصلہ افزائی کے لیے جاری اپنی تعلیم دوستی مہم کے تحت بوائز ہائی اسکول کلی حسن آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پرایف سی اہلکاروں نے اسکول کے طلبا اور اساتذہ سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ تعلیمی سرگرمیوں، درپیش مسائل اور مستقبل کے اہداف کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ اُستمان 45

تھام کے لیے پولیس کی جانب سے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق ڈی ایس پی سرکل کی زیرنگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر ڈھاڈر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ نیشنل ہائی وے این 65-شاہراہ پر رفتار پمپ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی نیت سے کھڑے اور ڈکیتی کی کوشش میں دو ملزمان گل جان ولد شکر خان قوم جتوئی اور محمد قاسم ولد محمد عمر قوم دیناری ساکنان ڈھاڈر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے پسٹل بھی برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم گل جان جتوئی 2022 میں ڈکیتی کے کیس میں ضمانت پر ہے۔ نیشنل ہائی وے پر مسافروں اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے جبکہ علاقے میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ اُستمان 46

کے لیے جانے سے روکنے کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا یہ طرز عمل جمہوری اقدار، سیاسی رواداری اور بنیادی شہری آزادیوں کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک قومی سیاسی و مذہبی رہنما کو اپنے خیالات کے اظہار اور وکلاء کے نمائندہ فورم سے خطاب سے روکنے کی کوشش حکومتی بوکھلاہٹ اور عدم برداشت کا واضح ثبوت ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن کی آواز دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت فوری طور پر تمام رکاوٹیں ختم کر کے انہیں بار کونسل جانے اور خطاب کرنے کا راستہ فراہم کرے۔ جمعیت علماء اسلام ایسے غیر جمہوری اقدامات کے سامنے خاموش نہیں رہے گی اور اپنے قائد کے آئینی، سیاسی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی و جمہوری فورم پر آواز بلند کرے

بقیہ اُستمان 47

اور نیشنل انٹیلی جنس نے سائبر سیکورٹی کی خلاف ورزی کا سراغ لگا لیا ہے۔ دوسری جانب امریکا کے وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی نے وفاقی، ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے کا ایک بنیادی ذریعہ سمجھے جانے والے مجرمانہ معلومات کے ڈیٹا بیس پر مبینہ سائبر حملے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق تحقیقات سے آگاہ ذرائع نے بتایا کہ مبینہ ہیکرز کی جانب سے نیشنل کرائم انفارمیشن سینٹر یعنی این سی آئی سی کے نظام پر کیا گیا یہ حملہ حالیہ مہینوں کے دوران پیش آنے والا اس نوعیت کا دوسرا واقعہ ہے۔ واضح رہے کہ امریکا کے قانون نافذ کرنے والے ادارے وارنٹس اور پس منظر کی جانچ پڑتال سے متعلق معلومات کے تبادلے کے لیے اسی ڈیٹا بیس پر انحصار کرتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 48

ڈاکٹر ریحان نقوی ادارہ کو چلانے میں ہر طرح ناکام ہو گئے دو اسسٹنٹ رجسٹرار دو لیگل آفیسر متعدد اسسٹنٹ اور کلرک فارغ کر دیئے گئے ادارے میں گروپ بندی نے ادارہ کا مبری طرح متاثر کیا ہوا گیا۔ اس قبل 18 ملازمین بہاولپور میڈیکل کالج کرپشن کیس میں دوسرے صوبوں میں ٹرانسفر کر دیئے ہیں۔ صدر پی ایم ڈی سی ڈاکٹر رضوان تاج کی مکمل حمایت سے یہ ساری کارروائی کی جارہی ہے سینکڑوں گھروں میں صف ماتم بچھ گیا۔ قانونی مشیروں نے ادارے کا بیڑہ غرق کر دیا۔ فارغ کئے گئے ملازمین میں دو اسسٹنٹ رجسٹرار ڈاکٹر رخسانہ اور ڈاکٹر احمد عثمان یوسف، دو لیگل آفیسر فیضان مرزا اور تحسین باجوہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اکاؤنٹنٹ شفیق دانش دو ایف ڈی اے اور چار اسسٹنٹ کو فارغ کیا گیا جن میں غلام حسن، شبنم رزاق محمد افتخار اور سندس کنول شامل ہیں اس کے علاوہ چھ یوڈی سی، ایک ایل ڈی سی اور سیکورٹی فارغ کئے ہیں۔ ان پر الزام ہے یہ لوگ بغیر کے مٹ کے پاکستان میڈیکل کمیشن کے دور میں تعینات ہوئے ہیں اور چار سے پانچ سال انکی سروس ہو چکی ہے حالت تو یہ ان کو مستقل کرنے کے نوکری سے ہی نکال دیا گیا ہے دوری جانب من پسند سفارشیوں کی تیزی سے بھرتیاں شروع کر دی گئی ہیں ملازمین میں شدید مایوی اور رجسٹرار کیخلاف غصہ پایا جاتا ہے ملازمین کا یہ بھی موقف ہے ان پر اعتراض رہا تو شوکاز یا کوئی نوٹس دیا جاتا۔

بقیہ اُستمان 49

مطابق تحصیل میر حسن خان کھوسہ اور اس کے گردونواح میں آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ 38 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 6500 روپے سے تجاوز کرنے کے باعث مزدور طبقے اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والے محنت کشوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا انتظام کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے، جبکہ مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی پریشان عوام کے لیے بنیادی غذائی ضرورت پوری کرنا ایک بڑا مسئلہ بنتا جا رہا ہے علاقے کے عوامی حلقوں کے مطابق آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے گھریلو بجٹ کو بری طرح متاثر کیا ہے خصوصا کم آمدنی والے خاندان، دیہاڑی دار مزدور اور محنت کش طبقہ اس صورتحال سے شدید متاثر ہو رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے خوردونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ساتھ آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے ان کی مشکلات دو چند کر دی ہیں۔

بقیہ اُستمان 50

سینئر وکلاء ایڈووکیٹ عبدالسلام لہڑی، بشیر بنگ، ڈاکٹر علی، ایڈووکیٹ محمد نعیم اور ایڈووکیٹ فیاض بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ بشیر احمد سالانی و دیگر وکلاء رہنماؤں کا کہنا تھا کہ وکلاء برادری میں مرکزی سطح پر اس وقت دو بڑے پینلز ہیں، پروفیشنل لائرز پینل اور انڈیپینڈنٹ پینل۔ ان کا کہنا تھا کہ کافی عرصے سے وہ کسی پینل کا حصہ نہیں رہے، تاہم عاصمہ جہانگیر کے دور سے وہ وکلاء کی جدوجہد کا حصہ رہے ہیں اور آج بھی اسی جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوستوں سے طویل مشاورت کے بعد پروفیشنل پینل میں شمولیت کا فیصلہ کیا گیا ہے، کیونکہ اس پینل میں سنجیدہ، سیاسی اور انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے وکلاء کی بڑی تعداد موجود ہے جو عاصمہ جہانگیر گروپ کے مشن کو آگے بڑھا رہا ہے۔ وکلاء رہنماؤں نے پروفیشنل پینل کی قیادت منیر کاکڑ، جارن دشتی، افضل حریفال، نادر چلگری اور نجیب اللہ کاکڑ پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کی قیادت میں آئین کی بالادستی، وکلاء کے حقوق اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ اُستمان 51

لیبیا کے حکام کا کہنا ہے کہ اتوار کو بن غازی کی بندرگاہ میں روسی بحری جہاز پر ہونے والے یوکرینی ڈرون حملے میں لیبیا کے دو فوجی ہلاک ہو گئے ہیں۔ حملے کے وقت کم از کم 10 افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی تھیں۔ مشرقی لیبیا میں قائم حکومت اور طرابلس میں قائم بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت، دونوں نے اس حملے کی مذمت کی ہے۔ یوکرین نے اس حملے کے بارے میں فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ اُستمان 52

نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا یہ دیرینہ مقف رہا ہے کہ صوبوں کی تشکیل محض انتظامی ضروریات کے تحت نہیں بلکہ صدیوں پر محیط تاریخ، جغرافیے اور قومی شناخت کو سامنے رکھتے ہوئے ہونی چاہیے میر طاہر بزنجو نے کہا کہ میر غوث بخش بزنجو اکثر اس بات کی نشاندہی کرتے تھے کہ جنہیں آج صوبے کہا جاتا ہے وہ محض انتظامی یونٹ نہیں بلکہ تاریخی وحدتیں ہیں۔ برطانوی تسلط سے قبل بلوچ، سندھی اور پنجابی اپنی جداگانہ قومی ریاستیں رکھتے تھے جبکہ موجودہ خیبر پختونخوا کا ایک بڑا حصہ ماضی میں افغانستان کا حصہ رہا ہے جسے رنجیت سنگھ نے طاقت کے ذریعے اپنی سلطنت میں شامل کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ نئے صوبوں کی مخالفت برائے مخالفت نہیں بلکہ صوبوں کی تشکیل کے لیے ایک تاریخی اور قومی بنیاد متعین کرنے کا ہے۔

بقیہ اُستمان 53

حمایت یافتہ حوثیوں کی جانب سے مسلح حملوں کے بڑھتے ہوئے خطرے اور خطے میں امریکی حکام اور تنصیبات کو نشانہ بنانے کی ایرانی کوششوں کے باعث امریکی شہریوں کو چوکس رہنا چاہیے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ممکنہ سکیورٹی انتباہات، پروازوں کی منسوخی، فضائی حدود کی بندش اور سفری رکاوٹوں کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ امریکی سفارت خانے نے دعویٰ کیا کہ ایران نے بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر حملے کیے ہیں، جبکہ ایران کے حمایت یافتہ حوثیوں نے سعودی عرب کے خلاف کارروائیاں کی ہیں۔ بیان کے مطابق ان حملوں کے نتیجے میں جانی نقصان اور سفری نظام میں شدید خلل پیدا ہوا ہے، جبکہ موجودہ کشیدگی میں تیزی سے اضافے کا بھی امکان موجود ہے۔

بقیہ اُستمان 54

علاقوں پر ہونے والی کارروائیوں کے جواب میں کیے گئے۔ حوثی فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے بدھ کے روز بیان میں کہا کہ راس تنورہ ریفائنری کو نشانہ بنانے والا حملہ درست اور براہ راست تھا، جس کے نتیجے میں تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی۔ انہوں نے ریاض کے مالیاتی مرکز پر حملے کے بارے میں دعویٰ کیا کہ کارروائی تین مرحلوں میں کی گئی اور تمام حملوں نے اپنے اہداف کو درست طور پر نشانہ بنایا۔ حوثی ترجمان نے حملوں کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے انہیں یمن پر ہونے والے حملوں کا جوابی اقدام قرار دیا۔ تاہم دستیاب بیان میں سعودی حکام کا مقف، حملوں سے ہونے والے نقصان یا ممکنہ جانی نقصان کی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ اُستمان 55

16 اور جیوانی و تربت میں کم سے کم درجہ حرارت 17 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔

بقیہ اُستمان 56

ازاں ایڈیشنل چیف سیکریٹری نے کمشنر آفس میں مختلف محکموں کے افسران کے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں امن و امان، تعلیم، صحت، زراعت اور آبپاشی سمیت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ دورے کے اگلے مرحلے میں اے سی سی زاہد سلیم نے مکران میڈیکل کالج کا دورہ کیا اور وہاں حکومت پنجاب کے تعاون سے زیر تعمیر 200 بستروں پر مشتمل اسپتال کی عمارت پر جاری کام کا معائنہ کیا۔ اس کے بعد انہوں نے زیر تعمیر تربت تا مند شاہراہ پر جاری بلیک ٹاپنگ کے کام کا بھی جائزہ لیا جہاں ایف ڈبلیو او (FWO) کے انجینئرز نے سائیٹ پر انہیں منصوبے کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی، ایس پی کیچ کیپٹن زوہیب محسن اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایڈیشنل چیف سیکریٹری زاہد سلیم نے بتایا کہ وفد نے زیر تعمیر تربت تا مند شاہراہ کا تفصیلی معائنہ کیا ہے۔ بریفنگ لی۔ 115 کلومیٹر طویل روڈ کے اس اہم منصوبے کے تقریباً 40 کلومیٹر حصے پر راتھ ورک مکمل ہو چکا ہے جبکہ بلیک ٹاپنگ کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کام کی مجموعی رفتار تسلی بخش ہے، تاہم ایف ڈبلیو او (FWO) کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے اگلے حصے پر ایک مزید پلانٹ نصب کر کے کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے۔

بقیہ اُستمان 57

عدالت نے پانچ لاکھ روپے اخراجات 30 روز میں ادا کرنے کی ہدایت بھی کی۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ محض رجسٹرڈ گفٹ ڈیڈ اور انتقال جائیداد کی ملکیت ثابت نہیں کرتے، ہبہ کے لیے اعلان، قبولیت اور قبضے کی منتقلی بنیادی شرائط ہیں، شوہر گھر کا ہبہ قبول کرنے کا ثبوت پیش نہ کر سکا۔ گفٹ ڈیڈ پر صرف بیوی کے دستخط اور انگوٹھے کا نشان تھا، شوہر کے دستخط موجود نہیں تھے جبکہ گفٹ ڈیڈ میں گواہوں کے دستخط کی جگہ خالی تھی، شناخت کنندہ بھی پیش نہ ہوا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق شوہر نے صلح کے لیے گھر اپنے نام منتقل کرنے کی شرط رکھی تھی، صلح کے بدلے گھر کی منتقلی آزادانہ اور بلاعوض ہبہ نہیں، بیوی اپنی جائیداد کی مکمل اور آزادانہ مالک ہے، شوہر کو خود بخود کوئی حق حاصل نہیں۔ عدالتی فیصلے کے مطابق شوہر نے بچوں کے نام گھر منتقل کرنے سے متعلق سوال پر کہا کہ وہ بچوں کا مالک نہیں، باپ کا بچوں سے تعلق کوئی ملکیتی دستاویز نہیں جس سے انکار کیا جا سکے، خاتون کو اپنے گھر کے تحفظ کے لیے 28 سال سے زائد عدالتی جنگ لڑنا پڑی۔ سپریم کورٹ نے 1994 کی گفٹ ڈیڈ اور انتقال بیوی کے خلاف بے اثر قرار دے دیا۔

بقیہ اُستمان 58

ہوا۔ حکام نے فوری طور پر جائے حادثہ پہنچ کر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن انجام دیا، حادثے کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ اُستمان 59

انہوں نے متعلقہ انجینئر اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ منصوبے پر کام مقررہ معیار کے مطابق تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے زمیندار اس منصوبے سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ اُستمان 60

و تعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ حکومت بلوچستان کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ اس اقدام کا مقصد صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے مطابق سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی بہتری، طالبات کے لیے صاف ستھرا، محفوظ اور صحت مند تعلیمی ماحول فراہم کرنا اور بچیوں کی تعلیم کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ اُستمان 61

سہولیات کی فراہمی کے تحت پایۂ تکمیل تک پہنچایا گیا۔

بقیہ اُستمان 62

، ایم ایس آفس، پیرا میڈیکس آفس، وارڈز، ڈاکٹرز سنٹر، باتھ رومز کا معائنہ کیا۔ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے ہسپتال کے مسائل انکے لیئے کیئے گئے اقدامات اصلاحات، ملازمین کی حاضریاں، ڈاکٹرز کے مسائل آپریشن تھیٹر گائینی وارڈ کی فعالیت پانی کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات بجلی کے مسائل کے لیئے اقدامات کیے ڈایلا سیز مشین کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیئے تعاون کی اپیل کی۔ اس موقع پر پیرا میڈیکل سٹاف فیڈریشن کے ضلعی صدر ملک رحیم کدیزئی کی جانب سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر نواز کبزئی کے اعزاز میں اعزازیہ دیا گیا اس موقع پر انہوں نے میڈیکل سپرٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے انکے اچھے کام کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کی اور انہوں نے کہا کہ آج لورالائی ہسپتال ایک جدید طرز کے ہسپتال کا منظر پیش کر رہا ہے روزانہ کی بنا پر آپریشن ہو رہے ہیں گائنی کے آپریشن بھی ہسپتال میں ہو رہے ہیں مریضوں کو ادویات ہسپتال سے ہی مل رہی ہے ڈایلا سیز مشین واقعی بہت پرانی ہو چکی ہے نے نیت مشین خریدنے کے لیئے اقدامات کرینگے۔ کیونکہ یہ ایک ڈویژنل لیول ہسپتال ہیں انکے لیئے ہم سب کی تعاون کی ضرورت ہے ہم موجودہ صورت میں ایم ایس ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی انکے ٹیم ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان کو انکے اچھے کام محنت پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 63

ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ اور تجارتی سرگرمیوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے، شاہراہوں پر بلاوجہ رکاوٹوں اور چیک پوسٹوں پر مبینہ رقم وصولی کے خاتمے سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ ڈرائیوروں، تاجروں، مزدوروں اور روزگار سے وابستہ ہزاروں افراد کو ریلیف ملے گا۔ کور کمانڈر بلوچستان کی جانب سے شاہراہوں کو کھولنے اور گاڑیوں کو بلاجواز روکنے یا پریشان نہ کرنے کی ہدایات ایک مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کا بڑا انحصار تجارت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے پر ہے، شاہراہوں پر غیر ضروری پابندیوں اور مشکلات کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں جبکہ روزگار کے مواقع بھی محدود ہو جاتے ہیں۔ اس فیصلے سے تجارتی سرگرمیوں میں بہتری، کاروبار کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کی امید ہے۔

بقیہ اُستمان 64

کے پرامن استعمال کو فروغ دینے اور خلائی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چینی اور پاکستانی خلا بازوں کی مشترکہ خلائی مہم دونوں ممالک کی دیرینہ اور گہری دوستی کی نمایاں مثال ہے۔

بقیہ اُستمان 65

تحقیقات کے حوالے سے کی گئی۔ گلشن اقبال میں محمد سہیل کے گھر کی تلاشی میں اہم ریکارڈ قبضے میں لے لیا گیا۔ ریکارڈ میں بینک ریکارڈ، چیک بکس، واچرز، گاڑیوں کا ریکارڈ، الاٹمنٹ فائلز، جائیداد کے کاغذات، لیپ ٹاپ، کمپیوٹر اور دیگر ضروری دستاویزات شامل ہیں۔ ملزم نے ملک کے اندر اور بیرون ملک اپنے اہل خانہ کے نام پر بے شمار دولت اور جائیدادیں بنائیں۔ نیب ذرائع کے مطابق محمد سہیل ایم ڈی اے میں غیر قانونی بھرتیوں سے متعلق ایک اور تحقیقات میں بھی مرکزی ملزم ہیں۔

بقیہ اُستمان 66

پی آواران حاصل خان قمبرانی کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او جھا عبدالباری بلوچ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے تھانہ جھا کی حدود میں واقع علاقے آرہ ایف سی چیک پوسٹ کے قریب بیلہ سے آواران جانے والی ایک گاڑی کو روک کر تلاشی لی۔ دوران تلاشی گاڑی سے شراب اور بیئر کے مجموعی طور پر 22 کارٹن برآمد ہوئے، جن میں 450 بوتلیں موجود تھیں۔ پولیس نے موقع پر موجود دو ملزمان شاکر علی ولد عید محمد سکنہ آواران اور خیر زمان ولد احمد خان سکنہ شندی کورک جھا کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ اُستمان 67

ہزار گنجی چمن کو گرفتار کیا۔ ملزم کی تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے ایک ٹی ٹی پسٹل بمعہ تین کارتوس برآمد ہوئے۔ پولیس نے ملزم کو حراست میں لے کر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ اُستمان 68

روپے کی لاگت سے جدید واش رومز (ٹوائلٹ بلاکس) کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔ منصوبے کے تحت گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول پنچگ، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ بن اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول غازی لین اور مازہ میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے

بقیہ اُستمان 69

عدم دستیابی جیسے بنیادی مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد کے مسائل توجہ سے سنے اور یقین دہانی کرائی کہ عوامی مشکلات کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکموں سے فوری رابطہ کر کے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے عملی اقدامات کیے جائیں گے، اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔

بقیہ اُستمان 70

نمائندگان اور حساس اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع جعفرآباد میں فورتھ شیڈولرز کی نقشہ سازی اور پروفائلنگ، ریلوے ٹریک، بس اڈوں اور این ایچ اے کی سیکیورٹی، اہم مقامات کی حفاظت، امن و امان کو درپیش خطرات، دینی مدارس کی رجسٹریشن، غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی حیثیت، کرایہ داروں کی رجسٹریشن، غیر مقامی مزدوروں کی سیکیورٹی، ایرانی تیل، منشیات اور غیر قانونی اپیکٹرم کی اسمگلنگ کی روک تھام، غیر قانونی اسپیکٹرم سے متعلق BIS ڈیش بورڈ کی تازہ کاری، تعلیمی اداروں میں قومی ہدایات پر عملدرآمد، تخریبی سرگرمیوں میں پریس اور سوشل میڈیا کے ممکنہ استعمال، سرکاری ملازمین کی مبینہ شمولیت اور تخریبی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کے استعمال کی نگرانی سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ اُستمان 71

آپریشن مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میٹروپولیٹن کارپوریشن کے مجسٹریٹ عامر قیصرانی اور اینٹی انکروچمنٹ کے سپروائزر سرور صاحب کی نگرانی اینٹی انکروچمنٹ اسکواڈ نے سریاب روڈ، جالو بازی اور منی مارکیٹ میں بڑے پیمانے پر کارروائی عمل میں لائی، آپریشن کے دوران سرکاری اراضی، فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی تعمیرات، تھڑوں، کیبنز اور دیگر تجاوزات کو بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر کے راستوں کو ٹریفک کی روانی اور پیدل چلنے والے شہریوں کے لیے مکمل طور پر صاف کر دیا گیا۔

CamScanner

کور کمانڈر کا اعلان معیشت کی بحالی کیلئے اہم قدم ہے، حلیم صادق

تجارت اور ٹرانسپورٹ کو رکاوٹوں سے آزاد کرنا عوام، کاروباری طبقے اور روزگار سے وابستہ افراد کے مفاد میں ہے

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان کی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹ اور تجارتی سرگرمیوں کو معمول پر لانے، گاڑیوں کی آزادانہ آمد و رفت اور چیک پوسٹوں پر کسی قسم کی رقم وصول نہ کرنے سے متعلق کور کمانڈر بلوچستان کے فیصلے کو صوبے کے معاشی اور عوامی مفاد میں ایک قابلِ تحسین اقدام قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے تجارت، بین الصوبائی رابطوں اور علاقائی کاروباری سرگرمیوں میں انتہائی اہمیت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کوئٹہ، وائس چیئرمین بی بی او آئی ٹی بلال خان کاکڑ بلوچستان کی پہلی ڈیجیٹل ایکسپو 2026 کی تاریخوں کے اعلان سے متعلق منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور مالدیپ کا مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

براہِ راست پروازوں کے آغاز سے پاکستانی شہریوں کے لیے مالدیپ کا سفر مزید آسان ہو جائیگا، وزیر داخلہ محسن نقوی

پاکستانی سلیبریٹیز مالدیپ میں بے حد مقبول ہیں اور ان کی آمد سے سیاحت کو مزید فروغ ملے گا، وزیر سیاحت مالدیپ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر سیاحت و سول ایوی ایشن محمد امین نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور سیاحت، کھیل، صحت، تجارت اور افرادی قوت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مالدیپ کے وزیر سیاحت و سول ایوی ایشن نے اعلان کیا کہ مالدیپ کی قومی ائیر لائن جلد پاکستان اور مالدیپ کے درمیان براہِ راست پروازوں کا آغاز کرے گی، پہلی براہِ راست پرواز کے ذریعے معروف پاکستانی کرکٹرز، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی

راولپنڈی (آن لائن) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے 29 مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی درخواست کی سماعت 9 دسمبر تک ملتوی ہوگئی۔ راولپنڈی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 26 نومبر کے 29 مقدمات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سیمینار
آزادی صحافت
ہماری قومی ذمہ داری

کوئٹہ، بلوچستان پیس فورم کے زیراہتمام تقریب سے نوبزادہ حاجی لشکری رئیسانی خطاب کر رہے ہیں

خواتین کے حقوق کا تحفظ انسانی حقوق کا تحفظ ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ درحقیقت انسانی حقوق کا تحفظ ہے، خواتین اور بچیوں پر تشدد کا خاتمہ معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے خواتین پر تشدد کے خاتمے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پائلٹ محمد ذیشان علی کی خلائی مشن میں شمولیت ملک و قوم کے لیے باعث فخر ہے، شزا فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے پائلٹ محمد ذیشان علی کو چین کے تعاون سے خلائی مشن کا حصہ بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ کا ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ٹرانسپورٹرز کو آزادی سے کاروبار کرنے دیا جائے، ایکشن کمیٹی

کور کمانڈر بلوچستان کا کانوائی نظام ختم کرنے اور چیک پوسٹوں پر وصولیوں کی ممانعت کا فیصلہ حوصلہ افزا ہے

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی اور دیگر عہدیداروں نے بلوچستان کی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹ کی آزادانہ نقل و حرکت، کانوائی نظام کے خاتمے اور چیک پوسٹوں پر کسی بھی قسم کی رقم وصول نہ کرنے سے متعلق کور کمانڈر بلوچستان کے فیصلے کو ٹرانسپورٹرز کے دیرینہ مطالبات کے تناظر میں اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ڈیرہ مراد جمالی، بی آئی ایس پی کی مستحق خواتین کی رقوم سے مبینہ کٹوتیوں کا انکشاف

ڈیوائس ہولڈرز کی مبینہ کٹوتیوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے، عوامی و سماجی حلقوں کا مطالبہ

چھتر (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی اور جھٹو شوری میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کی رقوم سے مبینہ کٹوتیوں کا انکشاف، شکایات کے باوجود مسائل برقرار تفصیلات کے مطابق ضلع نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی اور تحصیل جھٹو شوری میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین کو سہ ماہی مالی امداد کی رقوم کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا ہے مستحق خواتین کی جانب سے ڈیوائس ہولڈرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جیوانی جیٹی پر 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے ماہی گیروں کے شیڈ کی تعمیر مکمل

BSDI فیز ون کے تحت ساحلی آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم پیش رفت

جیوانی (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون کے تحت جیوانی جیٹی پر 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے ماہی گیروں کے لیے شیڈ کی تعمیر مکمل کر لی گئی یہ منصوبہ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی کاوشوں اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے فیصلے کے تحت محکمہ مواصلات و تعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ حکومت بلوچستان کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ یہ اقدام صوبائی حکومت بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سریاب روڈ، چالو باوڑی اور منی مارکیٹ میں تجاوزات کیخلاف بڑے پیمانے پر آپریشن

فٹ پاتھ اور سڑکیں ٹریفک و پیدل چلنے والوں کے لیے کلیئر، تجاوزات کا سامان ضبط

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور شہر کو خوبصورت و کشادہ بنانے کے عزم کے تحت ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بزنجو کے خصوصی احکامات پر شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 71)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی زیرصدارت کوآرڈینیشن، انٹیلی جنس اور امپلیمنٹیشن کمیٹیوں کے اجلاس

سیکورٹی، اسمگلنگ کی روک تھام، رجسٹریشن اور سرکاری ہدایات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی، ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کے تین علیحدہ علیحدہ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری سے خواتین وفد کی ملاقات، بنیادی سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی

غوث آباد پس شہر میں صاف پانی، بجلی لوڈشیڈنگ اور اسٹریٹ لائٹس کے مسائل حل کیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری سے محلہ غوث آباد پس شہر کے خواتین وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران خواتین وفد نے ڈپٹی کمشنر کو علاقے میں پینے کے صاف پانی کی قلت، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور اسٹریٹ لائٹس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

BSDI فیز ون کے تحت اورماڑہ کے تین گرلز اسکولوں میں 94 لاکھ 13 ہزار روپے سے واش رومز مکمل

طالبات کو صاف اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے جدید ٹوائلٹ بلاکس تعمیر، ڈپٹی کمشنر گوادر کی کاوشیں

اورماڑہ (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون کے تحت اورماڑہ کے تین سرکاری تعلیمی اداروں میں 94 لاکھ 13 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

عوام کی مشکلات کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، علی مدد جتک

عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے اور عوام کے مسائل کا حل ہمیشہ ان کی اولین ترجیح رہا ہے

عوامی نمائندگی کا اصل مقصد عوام کی آواز بننا اور انکے جائز مسائل کو متعلقہ فورمز پر اٹھانا ہے، وزیر زراعت کی وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت اور خادم سریاب حاجی میر علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ جتک ہاؤس کوئٹہ میں علاقائی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر عوام اور علاقائی عمائدین نے ملاقات کے دوران علاقائی عمائدین اور عوام نے اپنے اپنے علاقوں کے بنیادی مسائل سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ انہوں نے علاقے میں درپیش مسائل، عوامی ضروریات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ حاجی میر علی مدد جتک نے عوامی مسائل کو توجہ سے سنا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

دینی مدارس کسی بیرونی یا خفیہ ایجنڈے کے آلہ کار نہیں، مولانا واسع

شرانگیزی کا جواب شرانگیزی، بدتہذیبی کا جواب بدتہذیبی اور الزام تراشی کا جواب الزام تراشی سے دینا ہمارا شیوہ نہیں ہے

مدارسِ دینیہ اسلامی تشخص اور اخلاقی تربیت کے مضبوط مراکز ہیں، منفی پروپیگنڈا قابلِ مذمت ہے، صوبائی امیر جے یو آئی

کوئٹہ (پ ر) مدارسِ دینیہ ملک کے اسلامی تشخص، تہذیبی اقدار اور پرامن معاشرت کے مضبوط ترین مینار ہیں، ان کے بغیر معاشرے کی اخلاقی و روحانی بنیادیں قائم نہیں رہ سکتیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع، مولانا صلاح الدین ایوبی، مولانا کمال الدین، حاجی نواز خان کاکڑ اور دیگر مقررین نے جامعہ مظاہر العلوم ضلع دکی میں منعقدہ دستار فضیلت کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ مدارسِ دینیہ محض درس و تدریس کے مراکز نہیں بلکہ اسلامی تہذیب کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

چمن پولیس کی کارروائی، اسلحہ سمیت ایک ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) ضلع چمن پولیس نے اسنیپ چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ٹی ٹی پسٹل اور تین کارتوس برآمد کر لیے۔ پولیس کے مطابق چمن پولیس نے دورانِ اسنیپ چیکنگ مشکوک شخص محمود ولد عبدالرحیم سکنہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

آواران پولیس کی بڑی کارروائی، شراب اور بیئر اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کوئٹہ (آن لائن) آواران پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بیلہ سے آواران شراب اور بیئر اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ کارروائی کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کر کے 450 بوتلیں شراب و بیئر برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

کراچی، نیب کا سابق ڈی جی ایم ڈی اے کے گھر چھاپہ، اہم ریکارڈ قبضے میں لے لیا

کراچی (آن لائن) قومی احتساب بیورو (نیب) نے سابق ڈی جی ایم ڈی اے (ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی) محمد سہیل کے گھر پر چھاپہ مارتے ہوئے اہم ریکارڈ قبضے میں لے لیا۔ ترجمان نیب کے مطابق کارروائی آمدن سے زائد اثاثوں اور ایم ڈی اے اسکیموں میں فنڈز کی خورد برد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

چینی اور پاکستانی خلابازوں کی مشترکہ مہم دیرینہ اور گہری دوستی کی نمایاں مثال ہے، صدر شی

بیجنگ (آن لائن) چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ چینی اور پاکستانی خلابازوں کی مشترکہ خلائی مہم دیرینہ اور گہری دوستی کی نمایاں مثال ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چین اور پاکستان کے صدور نے مشترکہ خلائی مشن پر مبارکباد کا تبادلہ کیا۔ اس موقع پر چینی صدر نے کہا کہ چین، پاکستان اور دیگر ممالک کے ساتھ مل کر خلا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایم پی اے زرک مندوخیل اور حیات اللہ خان درانی ملاقات کر رہے ہیں

چیک پوسٹوں پر بھتہ ختم کرنے کا حکم خوش آئند ہے، زبیر لانگو

چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی خاتمہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کا دیرینہ مطالبہ ہے، آل بلوچستان بیروزگار یونین

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان بیروزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو اور جنرل سیکرٹری ملک عبداللطیف شاہوانی نے کور کمانڈر بلوچستان کی جانب سے 25 نومبر سے بلوچستان کی تمام شاہراہوں کو تجارت اور ٹرانسپورٹ کے لیے کھولنے، گاڑیوں کی آزادانہ آمد و رفت اور چیک پوسٹوں پر کسی قسم کی رقم وصول نہ کرنے کے فیصلے کو خوش آئند اور عوام دوست اقدام قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز خان کبزئی کا لورالائی ہسپتال کا تفصیلی دورہ

ڈائیلاسز کی نئی مشین کی فراہمی اور ہسپتال کی کارکردگی پر ایم ایس ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی و ٹیم کو خراج تحسین

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہیلتھ ڈاکٹر محمد نواز خان کبزئی نے ٹی نے ہسپتال لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے انہیں ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا اور انہیں تفصیلاً بریفنگ دی، اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکس بھی موجود تھے۔ رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے صحت ڈاکٹر نواز نے شعبہ گائنی، لیبر روم، آپریشن تھیٹر، پیڈز وارڈ، شعبہ حادثات، او پی جی روم، آئی پی آئی سنٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ویسٹ بے گوادر میں 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے ماہی گیروں کے لیے شیڈ مکمل

BSDI فیز ون کے تحت ماہی گیروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچا

پسنی (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون کے تحت ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی کاوشوں اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے فیصلے پر ویسٹ بے گوادر میں 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے ماہی گیروں کے لیے شیڈ کی تعمیر مکمل کر لی گئی یہ منصوبہ محکمہ مواصلات و تعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ کی نگرانی میں صوبائی حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن اور ماہی گیروں کو بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

ضلع گوادر کے دو گرلز پرائمری اسکولوں میں 62 لاکھ 76 ہزار روپے سے جدید واش رومز مکمل

اوکاڑا اور حاجی قاسم محلہ سربندر کے اسکولوں میں طالبات کے لیے بنیادی سہولیات فراہم

گوادر (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون کے تحت ضلع گوادر کے دو سرکاری تعلیمی اداروں میں 62 لاکھ 76 ہزار روپے کی لاگت سے جدید واش رومز (ٹوائلٹ بلاکس) کی تعمیر مکمل کر لی گئی منصوبے کے تحت گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول اوکاڑا اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حاجی قاسم محلہ سربندر میں طالبات کے لیے بنیادی واش رومز کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ یہ منصوبہ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی کاوشوں اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے فیصلے کے تحت محکمہ مواصلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف 16 روزہ عالمی مہم 2026 کے بلوچستان میں باضابطہ آغاز کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

بلوچستان کے مسائل و مشکلات کو ہر فورم پر اجاگر کیا جائیگا، مولانا ہدایت الرحمٰن

جماعت اسلامی صوبے کے عوام کے مسائل اجاگر اور انکے حل کیلئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کر رہی ہے

کوئٹہ کا بدل دو نظام جلسہ عام تاریخی اور منظم ثابت ہوا، عوام میں خوف و ناامیدی کی فضا کم ہوئی، جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی صوبے کے عوام کے مسائل اجاگر اور ان کے حل کے لیے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کر رہی ہے۔ کوئٹہ کا بدل دو نظام جلسہ عام انتہائی کامیاب، منظم اور تاریخی ثابت ہوا، جلسہ عام سے عوام میں خوف، دہشت اور ناامیدی کی فضا میں کمی آئی ہے جبکہ جماعت اسلامی پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہوا ہے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے ممکن ہے۔ قومیت اور مذہب کے نام پر سیاست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ایف سی ویسٹ تفتان رائفلز کا بوائز ہائی اسکول کلی حسن آباد کا دورہ

سرحدی اور پسماندہ علاقوں میں تعلیم کا فروغ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے، ایف سی اہلکاروں کی گفتگو

نوکنڈی (یو این اے) ایف سی بلوچستان ویسٹ تفتان رائفلز کی جانب سے تعلیم دوستی مہم کے سلسلے میں بوائز ہائی اسکول کلی حسن آباد کا دورہ کیا گیا، جہاں طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے تعلیمی سامان، اسکول بیگز، کتب اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ ایف سی اہلکاروں نے طلبا کو تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور روشن مستقبل کے حوالے سے خصوصی رہنمائی فراہم کی۔ تفصیلات کے مطابق ایف سی بلوچستان ویسٹ تفتان رائفلز نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ڈھاڈر پولیس نے نیشنل ہائی وے این 65 پر ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی، جبکہ دو ملزمان گرفتار

ہائی وے پر سفر کرنے والے مسافروں کے تحفظ کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ (آن لائن) ڈھاڈر پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے این 65 پر ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی اور دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے پسٹل برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس سبی رینج پرویز احمد عمرانی اور ایس ایس پی کچھی غلام مرتضیٰ جتوئی کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے علاوہ نیشنل ہائی وے این 65 پر ڈکیتی کی وارداتوں کی روک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ئٹہ پریس کلب

کوئٹہ، قلعہ عبداللہ کے رہائشی سیف خان اچکزئی، خدائے نور، برات خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

میر حسن خان کھوسہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

سرکاری نرخ نامہ جاری کر کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

چھتر (آن لائن) تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، 38 کلو آٹے کا تھیلا 6500 روپے سے تجاوز کر گیا، غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان انتظامیہ کی جانب سے تاحال سرکاری نرخ نامہ جاری نہ ہونے پر شہریوں میں تشویش، دکانداروں پر 40 کلو کے بجائے 38 کلو آٹا فروخت کرنے کا مبینہ الزام، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی کا مطالبہ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مولانا فضل الرحمان کی آواز دبانے کیلئے طاقت کا استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں، ملک سکندر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے پنجاب حکومت کی جانب سے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کر کے انہیں بار کونسل سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

امریکی خفیہ ایجنسی سی آئی اے پر سائبر حملہ، تحقیقات شروع

واشنگٹن (آن لائن) امریکی خفیہ ایجنسی سی آئی اے پر سائبر حملہ کیا گیا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کے مطابق سی آئی اے کا انٹیلی جنس تجزیے کیلئے استعمال ہونیوالا نیٹ ورک سائبر حملے کی زد میں آیا۔ ہیکرز نے نیٹ ورک سے خفیہ معلومات چرانے کی کوشش کی، تاہم سی آئی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پی ایم ڈی سی کے 21 کنٹریکٹ ملازمین بغیر شوکاز نوٹس بغیر کسی وجہ کے نکال دیئے گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے 21 کنٹریکٹ ملازمین بغیر شوکاز نوٹس بغیر کسی وجہ کے نکال دیئے گئے۔ اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ رجسٹرار بریگیڈیئر ریٹائرڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ڈپٹی کمشنر زیارت کا BSDI فیز تھری کے تحت ایگریکلچر ٹیوب ویل زندرہ کا دورہ

تعمیراتی کام کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ، مقررہ معیار کے مطابق تیز رفتاری سے تکمیل کی ہدایت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے BSDI فیز-III کے تحت جاری ترقیاتی اسکیم ایگریکلچر ٹیوب ویل زندرہ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میجر عامر، 155 ونگ، ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ زیارت عمیر علی اور متعلقہ ٹھیکیدار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر زیارت نے منصوبے پر جاری تعمیراتی کام، معیار اور پیش رفت کا معائنہ کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے یو این ایچ سی آر کا ملکی نمائندہ مس نوریکو تاکاگی ملاقات کر رہی ہیں

سپریم کورٹ؛ بیوی کے نام گھر کی ملکیت برقرار رکھتے ہوئے شوہر کی اپیل خارج

عدالت عظمیٰ نے متعلقہ سب رجسٹرار اور ریونیو حکام کو ریکارڈ درست کرنے کا حکم دے دیا

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے بیوی کے نام گھر کی ملکیت برقرار رکھتے ہوئے شوہر کی اپیل خارج کرتے ہوئے شوہر کا ہبہ اور بے نامی ملکیت دونوں کا دعویٰ متضاد قرار دے دیا۔ جسٹس شاہد وحید نے فیصلہ تحریر کیا جبکہ جسٹس نعیم اختر افغان بنچ میں شامل تھے۔ عدالت عظمیٰ نے متعلقہ سب رجسٹرار اور ریونیو حکام کو ریکارڈ درست کرنے کا حکم دیا، بیوی کو پانچ لاکھ روپے عدالتی اخراجات ادا کرنے کا حکم دیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

افغانستان کے بدلتے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی ضروری ہے، سی اے ایس ایس

افغانستان، ایک دہائی بعد: استحکام، انتشار یا تزویراتی ازسرنو سمت؟ پاکستان اور خطے کیلئے مضمرات' کے عنوان سے تقریب کا انعقاد

طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان کی توقعات اور تعلقات میں پیدا ہونیوالی کشیدگی کے درمیان فرق کو اجاگر کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (CASS) نے افغانستان کے بدلتے سیاسی، سیکورٹی اور معاشی حالات سے نمٹنے کے لیے جامع اور پائیدار حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ سی اے ایس ایس کی جانب سے 'افغانستان، ایک دہائی بعد: استحکام، انتشار یا تزویراتی ازسرنو سمت؟ پاکستان اور خطے کے لیے مضمرات' کے عنوان سے کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں افغانستان کی موجودہ صورتحال، آئندہ دہائی کے ممکنہ منظرناموں اور پاکستان و خطے پر ان کے اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ سینٹر فار ایرو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

خضدار، سینئر وکلا کا پروفیشنل لائرز پینل میں شمولیت کا اعلان

وکلا آئین کی بالادستی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کریں گے

خضدار (آن لائن) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن خضدار کے سینئر وکلاء نے پروفیشنل لائرز پینل میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کر دیا۔ بار روم میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ بشیر احمد سالارانی، ایڈووکیٹ آسیہ سلام رودینی، ایڈووکیٹ غلام قادر سالارانی، ایڈووکیٹ غلام قادر زہری، ایڈووکیٹ عبدالخالق آخوند اور عزت اللہ رودینی نے پروفیشنل پینل میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کسی کو بھی مستحق خواتین کی بی آئی ایس پی رقم روکنے کا حق نہیں، روبینہ خالد

بی آئی ایس پی میں سروے یا رجسٹریشن بالکل مفت ہے، سروے صرف بی آئی ایس پی دفتر میں قائم ڈی آر سی پر ہوتا ہے

شکایت موصول ہونے پر ذمہ دار افراد کیخلاف کارروائی کی جائے گی، چیئرپرسن بی آئی ایس پی کا ای۔ کچہری سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں پروگرام کے آفیشل فیس بک اکاؤنٹ کے ذریعے لائیو ای۔ کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ملک بھر سے 25 شہریوں نے ٹیلی فون پر اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ چیئرپرسن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی تمام شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ان کی رپورٹ پیش کی جائے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خواتین کو آگاہ کیا کہ بی آئی ایس پی کا ڈائنامک سروے بالکل مفت ہے، اس کے لیے نہ کوئی فارم ہے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی زاہد سلیم کا تربت کا دورہ

تا مند شاہراہ پر کام کی رفتار تیز کرنے کے لیے اضافی پلانٹ نصب کرنے کی ہدایت

تربت (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان زاہد سلیم نے تربت کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ٹیچنگ ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات اور درپیش مسائل پر بریفنگ لی۔ اس موقع پر صوبائی سیکریٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی، ایڈیشنل سیکریٹری صحت شیہک شہداد بلوچ اور سیکریٹری زراعت داد خان بلیدی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ترک فضائیہ کا ہیلی کاپٹر تربیتی پرواز کے دوران گر کر تباہ، 5 اہلکار جاں بحق

استنبول (آن لائن) ترک فضائیہ کا ہیلی کاپٹر تربیتی پرواز کے دوران گر کر تباہ ہوگیا جس کے باعث ترک فضائیہ کے پانچ اہلکار جاں بحق ہوگئے۔ ترک وزارت دفاع نے جاں بحق اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہیلی کاپٹر وسطی صوبے کے شہر اسکی میں حادثے کا شکار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سرد رہنے کا امکان

کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 4 جبکہ قلات میں ایک ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی علاقوں میں سرد رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 4 ڈگری سینٹی گریڈ اور قلات میں 1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 5، ژوب اور خضدار میں 7، چمن میں 8، دالبندین میں 9، سبی اور نوکنڈی میں 11، گوادر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

میٹروپولیٹن کارپوریشن صفائی عملہ کی خواتین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کر رہی ہیں

حوثیوں کا ریاض کے مالیاتی مرکز اور سعودی آئل ریفائنری پر حملوں کا دعویٰ

صنعا (آن لائن) یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے مالیاتی مرکز اور مشرقی علاقے میں واقع بقیق و عریض راس تنورہ آئل ریفائنری کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثیوں کا کہنا ہے کہ یہ حملے یمن میں ان کے زیر کنٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

امریکہ کا مشرق وسطیٰ میں موجود اپنے شہریوں کو محتاط رہنے کا مشورہ

ابوظہبی (آن لائن) متحدہ عرب امارات میں امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ خطے میں سیکیورٹی خدشات کے باعث غیر معمولی احتیاط برتیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں امریکی سفارت خانے نے کہا ہے کہ ایران کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

لیبیا کا روسی جہاز پر یوکرینی حملے میں اپنے دو فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ

بن غازی (آن لائن) لیبیا نے روسی جہاز پر یوکرینی حملے میں اپنے دو فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔ لیبیا کے شہر بن غازی بندرگاہ پر لنگر انداز ایک مال بردار جہاز گھاٹ کے ساتھ کھڑا دکھایا گیا ہے۔ جہاز کے قریب متعدد فائر ٹرک اور دیگر گاڑیاں بھی موجود ہیں غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے حامی نہیں، طاہر بزنجو

قومی اور لسانی شناخت کی بنیاد پر صوبوں کی ازسرنو تشکیل ہونی چاہیے، بیان

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ ملک بھر میں ان دنوں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی بحث جاری ہے تاہم نیشنل پارٹی کا موقف واضح ہے کہ وہ انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی حمایت نہیں کرتی بلکہ انگریز حکمرانوں کی کھینچی گئی مصنوعی لکیروں کے خاتمے اور تاریخی جغرافیہ، تہذیبی، لسانی اور قومی شناخت کی بنیاد پر صوبوں کی ازسرنو تشکیل کی حامی ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)